جنات، جادو، غم، پریشانیاں، وسوسے، بدنظری،
دل کی گھبراہٹ، میاں بیوی میں نااتفاقی، کمر درد، فالج،
نگاہ کی کمزوری وغیرہ سے بچانے والے اور قرض کی ادائیگی،
روزی میں وسعت، رشتہ طے ہونے میں آسانی وغیرہ کے لیے بہت ہی فائدے والے

# مجرباتِ محمودیہ

## افادات

فقیہ الامت حضرت اقدس مفتی محمود حسن صاحب گنگوہیؒ

## مرتب

مفتی محمود بن مولانا سلیمان حافظ جی بارڈولی حفظہ اللہ تعالیٰ

سابق خادم: آستانۂ فقیہ الامت چھتہ مسجد دارالعلوم دیوبند

## ناشر

نورانی مکاتب
www.nooranimakatib.com

## تفصیلات


| | | |
|---|---|---|
| کتاب کا نام | : | مجرباتِ محمودیہ |
| افادات | : | فقیہ الامت حضرت مفتی محمود حسن گنگوہیؒ |
| مرتب | : | حضرت مفتی محمود صاحب حافظجی |
| صفحات | : | ۶۴ |
| دوسرا ایڈیشن | : | شوال ۱۴۴۵ھ م اپریل ۲۰۲۴ء |
| ناشر | : | نورانی مکاتب |


## ملنے کے پتے


| | |
|---|---|
| نورانی مکاتب | 8140902756 |
| ادارۃ الصدیق ڈابھیل، گجرات | 9913319190 |
| مدرسہ گلشنِ خدیجۃ الکبریٰ، اون، سورت | 9898371086 9714814566 |
| دارالمکاتب کاپودرا | 9824289750 |
| مولانا صدیق احمد ابن مفتی محمود صاحب حافظ جی، مدرسہ فاطمۃ الزہراء، دیسائی نگر، مریم مسجد، بارڈولی، سورت، گجرات | 9157174772 |
| مولانا بلال صاحب گورا گودھرا | 9726293096 |

# فہرستِ مضامین


| نمبر شمار | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ❁ | کلماتِ بابرکت (از: جانشینِ فقیہ الامت حضرت مولانا ابراہیم صاحب پانڈور دامت برکاتہم) | ۹ |
| ۱ | پیش لفظ | ۱۱ |
| ۲ | تعویذ کا ثبوت | ۱۳ |
| ۳ | جنات اور آسیب سے حفاظت | ۱۳ |
| ۴ | جنات سے بچاؤ کی صورت | ۱۴ |
| ۵ | آسیب اور پریشان خواب سے حفاظت کے لیے | ۱۴ |
| ۶ | سحر سے حفاظت اور علاج | ۱۵ |
| ۷ | دفعِ سحر کے لیے عمل | ۱۷ |
| ۸ | دفعِ جادو کے لیے | ۱۷ |
| ۹ | دفع سحر کی ترکیب | ۱۸ |
| ۱۰ | آسیب وغیرہ کے لیے | ۱۹ |
| ۱۱ | برائے دفعِ سحر و آسیب دشمن | ۱۹ |
| ۱۲ | برائے دفع سحر | ۱۹ |
| ۱۳ | دفعِ آسیب | ۲۰ |
| ۱۴ | پریشانیوں کو دور کرنے کے لیے | ۲۰ |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ | پریشانی دفع کرنے کے لیے استغفار کی کثرت | ۲۱ |
| ۱۶ | وظیفہ برائے مخالفین سے بچاؤ، حاسدین سے بچاؤ | ۲۲ |
| ۱۷ | حاسدین سے حفاظت کے لیے | ۲۲ |
| ۱۸ | عمل برائے حفاظت جان ومال | ۲۲ |
| ۱۹ | فسادات کے موقع پر حفاظت کے لیے | ۲۲ |
| ۲۰ | غم کو دور کرنے کے لیے | ۲۳ |
| ۲۱ | (دشمن کی نظر سے) حفاظت کے لیے دم کرنا | ۲۳ |
| ۲۲ | حفاظت کے لیے آیات | ۲۴ |
| ۲۳ | وساوس اور پریشان کن خیالات کا علاج | ۲۵ |
| ۲۴ | وساوس اور پریشان کن خیالات کا دوسرا علاج | ۲۶ |
| ۲۵ | پریشان کن خیالات کا دفعیہ | ۲۶ |
| ۲۶ | علاجِ وسوسہ: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، قرآن، اور اسلام کے متعلق برے وساوس | ۲۷ |
| ۲۷ | طہارت ونماز میں وہم | ۲۸ |
| ۲۸ | شیطانی وسوسوں کا علاج | ۲۹ |
| ۲۹ | دفعِ خطراتِ قلب واحوالِ پریشان | ۲۹ |
| ۳۰ | ذہن کی کمزوری کا بہترین علاج | ۲۹ |
| ۳۱ | اسبابِ نسیان | ۳۰ |
| ۳۲ | قوتِ حفظ بڑھانے کے لیے بہترین عمل اور ذہنی کمزوری کا علاج | ۳۱ |
| ۳۳ | امتحان میں کامیابی کے لیے | ۳۲ |

| | | |
|---|---|---|
| ۳۴ | بدنظری کا علاج | ۳۲ |
| ۳۵ | بدنظری سے حفاظت کا مراقبہ | ۳۳ |
| ۳۶ | نیند آنے کے لیے مفید علاج | ۳۳ |
| ۳۷ | خواب میں اپنے کو بیت الخلاء جاتے دیکھنا | ۳۴ |
| ۳۸ | پریشان کن خواب کا علاج | ۳۵ |
| ۳۹ | دل کی گھبراہٹ کا علاج | ۳۵ |
| ۴۰ | قرض کی ادائیگی کے لیے | ۳۶ |
| ۴۱ | مقروض پر خاص عنایت | ۳۶ |
| ۴۲ | دعا برائے ادائے قرض | ۳۶ |
| ۴۳ | حرام آمدنی سے بچنے کا طریقہ | ۳۷ |
| ۴۴ | وسعتِ رزق کا عمل | ۳۷ |
| ۴۵ | وسعتِ رزق کے لیے اَور ایک عمل | ۳۷ |
| ۴۶ | خیر و برکت کے لیے | ۳۸ |
| ۴۷ | بینڈ باجا فروخت کرنا اور حلال روزی کا عمل | ۳۸ |
| ۴۸ | میاں بیوی میں جوڑ اور محبت | ۳۹ |
| ۴۹ | میاں بیوی میں جوڑ: آپس کی نااتفاقی سے بچنے کے لیے ایک عمل | ۳۹ |
| ۵۰ | بیوی سے محبت کے لیے | ۴۰ |
| ۵۱ | خاوند کی پریشانی سے بچنے کے لیے | ۴۱ |
| ۵۲ | نافرمان بیوی کے لیے ایک عمل | ۴۱ |

| | | |
|---|---|---|
| ۵۳ | رشتہ ازدواج (شادی) کے لیے عمل | ۴۲ |
| ۵۴ | نکاح نہ ہوتا ہو | ۴۳ |
| ۵۵ | رشتے کے لیے | ۴۳ |
| ۵۶ | کمر میں درد؛ حضرت حکیم اختر صاحبؒ کے ساتھ سوال وجواب | ۴۴ |
| ۵۷ | کمر میں درد کے لیے، نظر دور کرنے کے لیے | ۴۴ |
| ۵۸ | برائے ہر مرض | ۴۵ |
| ۵۹ | برص کی بیماری کا علاج | ۴۵ |
| ٦۰ | فالج کے لیے | ۴۵ |
| ٦۱ | زبان کی لکنت کے لیے | ۴٦ |
| ٦۲ | نگاہ کی کمزوری کے لیے | ۴٦ |
| ٦۳ | اگر پیشاب بند ہوجائے | ۴٦ |
| ٦۴ | بخار زدہ کے لیے | ۴۷ |
| ٦۵ | درد دور کرنے کے لیے | ۴۷ |
| ٦٦ | سانپ کے کاٹنے کا علاج | ۴۷ |
| ٦۷ | ماہواری کم ہونا | ۴۸ |
| ٦۸ | ماہواری کا زیادہ ہونا | ۴۹ |
| ٦۹ | حفاظت از شر و رفتن، برکت رزق و ادائے قرض، تکمیلِ کارِ خاص | ۴۹ |
| ۷۰ | گمشدہ چیز معلوم کرنے کا عمل | ۴۹ |
| ۷۱ | گم شدہ کے لیے ایک مجرب وظیفہ | ۵۰ |

| | | |
|---|---|---|
| ۷۲ | گمشدہ کے لیے | ۵۱ |
| ۷۳ | اگر کوئی چیز چوری ہو | ۵۱ |
| ۷۴ | عمل برائے واپسی مفرور (بھاگا ہوا، گم شدہ) | ۵۱ |
| ۷۵ | اولاد کے لیے | ۵۲ |
| ۷۶ | عمل برائے حفاظتِ حمل | ۵۲ |
| ۷۷ | حفاظتِ حمل کے لیے دوسرا عمل | ۵۳ |
| ۷۸ | قدوری کی برکت ولادت کی آسانی کے لیے | ۵۳ |
| ۷۹ | ولادت میں آسانی کے لیے | ۵۳ |
| ۸۰ | ولادت میں آسانی کے لیے ایک اور مجرب عمل (از: مرتب) | ۵۴ |
| ۸۱ | عشق مجازی کو دور کرنے کا نسخہ | ۵۵ |
| ۸۲ | نفسانی خواہشات کا دفعیہ درود شریف سے | ۵۶ |
| ۸۳ | والد اگر کسی غلط کام کا شکار ہو اور ولد صالح کی بات نہ مانے تو | ۵۷ |
| ۸۴ | مقدمہ میں کامیابی کے لیے عمل | ۵۷ |
| ۸۵ | تبادلہ منظور کرانے کے لیے عمل | ۵۸ |
| ۸۶ | ہر مقصد میں کامیابی کے لیے عمل | ۵۸ |
| ۸۷ | وطن جانے میں دشواری | ۵۸ |
| ۸۸ | اسم اعظم | ۵۸ |
| ۸۹ | ہر نماز کے بعد تسبیح فاطمی | ۵۹ |
| ۹۰ | تہجد کے لیے آنکھ کھلنے کے بعد | ۵۹ |

| | | |
|---|---|---|
| ۹۱ | استقامت کے لیے | ۶۰ |
| ۹۲ | منزل کے متعلق | ۶۰ |
| ۹۳ | آیت قطب | ۶۰ |
| ۹۴ | آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کے لیے عمل | ۶۱ |
| ۹۵ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کے لیے | ۶۱ |
| ۹۶ | حروف تہجی کے اعداد | ۶۱ |
| ۹۷ | روزی اور کاروبار میں برکت، قرض کی ادائیگی، مقصد میں کامیابی کے لیے قرآن، حدیث اور بزرگوں سے منقول چند مجرب اعمال (از: مرتب) | ۶۲ |
| ۹۸ | بواسیر کا عمل | ۷۰ |
| ۹۹ | بواسیر کے لیے چند مجرب عمل | ۷۰ |
| ۱۰۰ | قصدِ طیبہ | ۷۱ |
| ۱۰۱ | حمد | ۷۲ |

# کلماتِ بابرکت

جانشینِ فقیہ الامت حضرت مولانا ابراہیم صاحب پانڈور دامت برکاتہم

(خلیفہ: شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی، اَمَّا بَعْدُ!

عالمِ انسانیت اِس وقت مختلف پریشانیوں اور انتشار کا شکار ہے، خصوصاً امتِ اسلامیہ کے افراد دینی اور دنیوی دونوں اعتبار سے کسی نہ کسی قسم کی پریشانیوں میں الجھے ہوئے ہیں، اس کا اہم سبب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طریقوں سے دوری اور مادیت کی تابع داری اور غلامی ہے، آج ہر انسان مادیت کے پیچھے دوڑا چلا ہے، جس کے نتیجے میں روحانیت کا فقدان ہوتا جارہا ہے۔

دوسرا سبب اِن مصائب وآلام کے علاج کے غلط طریقوں کا اختیار کرنا ہے، درحقیقت اِن حالات ومصائب میں سکون اور اطمینان تو اسی راستے سے ملے گا جو راستہ ہمارے آقا حضرت نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے متعین فرمادیا ہے؛ لہٰذا اس طریقے کو چھوڑ کر دوسروں کے طریقوں میں علاج، معالجہ تلاش کرنا، یہ ''سراب'' سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا، اور آج کل یہی سب چل رہا ہے۔ شعر

مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

آج کل جس طرح مادی اعتبار سے جسمانی علاج کے مختلف طریقے رائج ہیں، جو اپنے اپنے تجربات سے حاصل کیے گئے ہیں، اسی اعتبار سے جسمانی وروحانی امراض کا

علاج حضرت نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، آپ کے صحابۂ کرامؓ اور بزرگانِ دین سے ثابت ہے۔ اکابرینِ امت نے اس کی روشنی میں اپنے اپنے تجربات کے ذریعے علاج کے جائز طریقے ڈھونڈ نکالے ہیں۔

چناں چہ ہمارے اکابرین کی تحریروں میں وہ ''جوہرِ گراں'' ملتا ہے جو کسی اَور جگہ ملنا مشکل ہے، ان کتابوں کے مطالعے سے دل ودماغ روشن ہوجاتے ہیں۔

ہمارے حضرت اقدس مرشدی ومولائی مفتی محمود حسن گنگوہی قُدِّسَ سِرُّہٗ کی کتابیں مختلف موضوعات پر درجنوں کی تعداد میں زیورِطبع سے آراستہ ہوکر منظرِ عام پر آچکی ہیں، ان ہی ہزاروں صفحات میں سے کچھ مجربات کی خوشہ چینی کرکے محترم مولانا مفتی محمود بارڈولی مدظلہ العالی آپ حضرات کے سامنے پیش کررہے ہیں۔

حق تعالیٰ عزیزم موصوف کو جزائے خیر عطا فرمائے اور امتِ اسلامیہ کو اِس سے بیش از بیش نفع بخش بنائے اور موصوف کے علم وعمل میں خوب ترقی عطا فرمائے، نیز اخلاص وللّٰہیت میں اضافہ فرمائے، آمین ثم آمین! فقط والسلام

محمد ابراہیم عفی عنہ

۱۰ر شوال ۱۴۲۸ھ

## پیش لفظ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَعَلٰی مَنْ تَبِعَھُمْ بِاِحْسَانٍ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنَ، اَمَّابَعْدُ!

سیدی ومرشدی حضرت مفتی محمود حسن گنگوہیؒ کو باری تعالیٰ نے علومِ شریعت وطریقت کا جامع بنایا تھا، ساتھ ہی خلقِ خدا کی خدمت اور نفع رسانی کا جذبہ بھی عطا فرمایا تھا۔ بہت سے پریشان حال لوگ حضرت والا کی خدمت میں آتے تھے، خطوط لکھتے تھے، حضرت ان کو مناسب وظائف پڑھنے کی ہدایت فرماتے تھے اور اِس کا بڑا فائدہ ہوتا تھا۔ یہ وظائف؛ ملفوظات، مکتوبات اور فتاویٰ میں موجود ہیں۔

بندے کو باری تعالیٰ نے اِس بات کی توفیق دی کہ ان کو جمع کر کے مشفقِ محترم حضرت مولانا ابراہیم صاحب پانڈور مدظلہ العالی کی خدمت میں پیش کرے۔

حضرت مولانا ابراہیم صاحب مدظلہ العالی نے نظرِ ثانی فرمائی اور حضرت نَوَّرَ اللّٰہُ مَرقَدَہٗ کی وہ کاپی جس میں اِس قسم کے وظائف اور تعویذات ہیں، اس سے وظائف نقل کرنے کا مشورہ عنایت فرمایا، بحمداللہ! اس کاپی کی نقل مل گئی اور اس سے بھی وظائف اِس مجموعے میں لے لیے۔

## بندے کو حضرتؒ سے عملیات کی تحریری اجازت

ایک مرتبہ بندے نے کچھ حالات کے پیشِ نظر حضرت نَوَّرَ اللّٰہُ مَرقَدَہٗ سے تعویذ کی اجازت چاہی تھی، تو حضرتؒ نے جواب عنایت فرمایا:

تعویذ کی آپ کو اجازت ہے، حضرت مولانا احمد صاحب[1] سے لے کر نقل کرلیں[2]؛ مگر اس کا اہتمام رکھیں کہ پانچوں نمازوں کے بعد اور سوتے وقت ''الحمد، چاروں قل اور آیۃ الکرسی'' پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کریں[3]۔ فقط والسلام

املاہ العبد محمود غفرلہ

چھتہ مسجد دیوبند ۸/۴/۱۲ھ

اس دور میں جب حسد، عداوت وغیرہ کی وجہ سے لوگ سحر اور آسیب کے شکار ہوتے رہتے ہیں اور مختلف قسم کی ضروریات پیش آتی رہتی ہیں، ان کے لیے اِن وظائف کو پڑھنا اِن شاء اللہ! مفید ثابت ہوگا۔

حق تعالیٰ سے دعا ہے کہ: اس مجموعے کو سب کے لیے نفع کا ذریعہ بنائے، اور اس سلسلے میں تعاون کرنے والے حضرات کی خدمت کو قبول فرمائے، آمین!

محمود محمودی عفی عنہ

یکے از خدام آستانۂ فقیہ الامت چھتہ مسجد دار العلوم دیوبند

حال مدرس: جامعہ اسلامیہ تعلیم الدین ڈابھیل۔ سملک، گجرات

شعبان ۱۴۲۷ھ

---

① مراد: شیخ المشائخ حضرت مفتی احمد صاحب خانپوری دامت برکاتہم العالیہ ہیں۔

② نقل کرلیں سے مراد؛ حضرت نَوَّرَ اللّٰہُ مَرقَدَہٗ کی عملیات کی خصوصی کاپی ہے۔

③ بحمد اللہ حضرت نَوَّرَ اللّٰہُ مَرقَدَہٗ کی ہدایت کے مطابق اس عملیات کی کاپی کی نقل بندے کے پاس موجود ہے، اور اس کاپی سے بھی بعض مجربات اس مجموعے میں ماخوذ ہیں۔ جہاں حوالہ نہیں لکھا گیا ہے وہ حضرتؒ کی کاپی ہی سے نقل کیا گیا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

## تعویذ کا ثبوت

ارشاد فرمایا کہ: مجھ سے ایک صاحب نے سوال کیا کہ تعویذ کا ثبوت کس حدیث سے ہے؟ میں نے عرض کیا کہ: انجکشن کا ثبوت کس حدیث سے ہے؟ مطلب یہ ہے کہ تعویذ برائے علاج ہے، جس طرح انجکشن برائے علاج ہے، کوئی جزوِ دین نہیں ہے جس کے لیے ثبوت درکار ہو، نہ ہی جزوِ دین سمجھ کر کیا جاتا ہے۔

تاہم حصنِ حصین میں ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما اپنے بچوں کو اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَھَامَّۃٍ وَعَیْنٍ لَامَّۃٍ یاد کروایا کرتے تھے، اور جس بچے کی زبان نے ابھی بولنا نہیں سیکھا، یہ لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیتے تھے۔ یہی تو تعویذ میں بھی ہوتا ہے؛ نیز حرزِ ابی دجانہ سے بھی اس کا ثبوت ملتا ہے، جس کو حاکم نے مستدرک میں نقل کیا ہے۔ (ملفوظات ۱۲۰/۳)

## جنات اور آسیب سے حفاظت

ارشاد فرمایا کہ: نبیِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مضمون - جس کو ''حرزِ ابی دجانہ'' کہتے ہیں - ایک صحابی کو لکھوا کر دیا، جن کے مکان میں جنّ رہتا تھا، اس کی برکت سے وہ چلا گیا۔ شرحِ حصنِ حصین میں وہ مضمون موجود ہے۔ احقر جامع و مرتب بہ غرضِ افادہ اس کو نقل کرتا ہے کہ بہشتی زیور میں اس کو نہایت مجرب لکھا ہے، وہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ. ھٰذَا کِتَابٌ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ﷺ إِلٰی مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ وَالصَّالِحِینَ، إِلَّا طَارِقًا یَطْرُقُ بِخَیْرٍ یَا

رَحْمَنُ! أَمَّا بَعْدُ:

فَإِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِي الْحَقِّ سَعَةً، فَإِنْ تَكُ عَاشِقًا مُولَعًا، أَوْ فَاجِرًا مُقْتَحِمًا أَوْ رَاغِبًا حَقًّا أَوْ مُبْطِلًا، هٰذَا كِتَابُ اللهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ، إِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ، وَرُسُلُنَا يَكْتُبُونَ مَا تَمْكُرُونَ، اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا، وَانْطَلِقُوا إِلٰى عَبَدَةِ الْأَصْنَامِ، وَإِلٰى مَنْ يَزْعُمُ أَنَّ مَعَ اللهِ إِلٰهًا آخَرَ. لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ، كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ، لَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ. يُغْلَبُونَ، حٰم لَا يُنْصَرُوْنَ، حٰم عسق، تَفَرَّقَ أَعْدَاءُ اللهِ، وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللهِ، وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ، فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ.

اس کو لکھ کر مریض کے گلے میں پہنا دیں۔ (اختری بہشتی زیور ۹/۹۰، ملفوظات ۲/۲۵۱)

## جنات سے بچاؤ کی صورت

سورۂ فلق، سورۂ ناس، الحمد شریف، آیت الکرسی، اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ دفعہ، ہر نماز کے بعد پڑھ کر اپنے اوپر دَم کر لیا کرے، اسی طرح سوتے وقت بھی، ان شاء اللہ! حفاظت رہے گی۔ (ملفوظات: ۵/۶۶)

## آسیب اور پریشان خواب سے حفاظت کے لیے

ارشاد فرمایا کہ: آسیب اور پریشان کُن خواب سے حفاظت کے لیے ہر فرض نماز کے بعد اور سوتے وقت چاروں قل، الحمد شریف، اور آیۃ الکرسی تین تین بار، اول آخر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دَم کر کے تمام بدن پر پھیر لیا کریں۔

(ملفوظات: ۱/۶۷)

## سحر سے حفاظت اور علاج

معوذتین کی پابندی[1] نیز ۳۳/ آیات کا اہتمام کریں، ان شاء اللہ تعالیٰ! سحر سے حفاظت رہے گی[2] دفعیۂ سحر کی ترتیب حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدثؒ کے فتاویٰ میں مذکور ہے، حق تعالیٰ ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔

احقر محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند سہارنپور

افادے کی غرض سے ''فتاویٰ عزیزی'' سے ترکیب نقل کی جاتی ہے:

آسیب زدہ کے لیے یہ عمل مفید ہے کہ کڑوا تیل یعنی سرسوں کا تیل تانبے کے برتن میں رکھے، اور چودہ مرتبہ آیتِ قطب پڑھیں، اور ہر مرتبہ اس تیل پر دم کریں، آیتِ قطب یہ ہے:

ثُمَّ أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّنۢ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُّعَاسًا يَغْشَىٰ طَآئِفَةً مِّنكُمْ ۖ وَطَآئِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِاللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۖ

---

① حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن حبیب رضی اللہ عنہ سے فرمایا ہے: قُلْ: قُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ وَالْمُعَوِّذَتَيْنِ حِيْنَ تُصْبِحُ وَحِيْنَ تُمْسِيْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ تَكْفِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ.(ترمذي شريف؛رقم الحديث:۳۵۷۵)

معوذتین: یعنی سورۂ فلق اور سورۂ ناس، جو پارۂ عم کے اخیر میں ہے۔

② حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلویؒ تحریر فرماتے ہیں: میں نے اپنے والد صاحبؒ سے سنا، فرماتے تھے: تینتیس آتیں ہیں کہ جادو کے اثر کو دفع کرتی ہیں، اور شیطان اور چوروں اور درندے جانوروں سے پناہ ہوتی ہے۔

سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: ثَلٰثٌ وَثَلٰثُوْنَ آيَةً تَنْفَعُ مِنَ السِّحْرِ وَتَكُوْنُ حِرْزاً مِنَ الشَّيْطَانِ وَاللُّصُوْصِ وَالسِّبَاعِ الخ (شفاء العلیل ترجمہ القول الجمیل فصل آٹھویں ص:۱۳۵)

یہ آیتیں منزل کے نام سے موسوم ہیں۔

يَقُولُونَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْأَمْرِ مِن شَيْءٍ ۗ قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ ۗ يُخْفُونَ فِي أَنفُسِهِم مَّا لَا يُبْدُونَ لَكَ ۖ يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هَٰهُنَا ۗ قُل لَّوْ كُنتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلَىٰ مَضَاجِعِهِمْ ۖ وَلِيَبْتَلِيَ اللَّهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِي قُلُوبِكُمْ ۚ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿١٥٤﴾ (پارہ۴: آیت:۱۵۴)

پھر وہ تیل آسیب زدہ کے تمام بدن میں اس طرح مالش کیا جائے کہ ایک بال کی جگہ بھی باقی نہ رہ جاوے؛ یعنی برتن میں سے وہ تیل چمچے سے نکال کر ہاتھ میں مالش کے واسطے لیوے، یا برتن سے ہاتھ پر گرالیا جاوے، اور جو شخص پہلے دن تیل لگاوے وہی ہر روز مالش کرے، کوئی ایک وقت مقرر کرلیا جاوے، اسی وقت ہر روز مالش کی جاوے، ان شاء اللہ العزیز! آسیب دفع ہوجاوے گا۔

اور جادو کو دفع کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ: دریا (یعنی ندی) کا پانی یا کوئی دوسرا جاری پانی گھڑے میں منگاوایا جائے، اور سورۂ قل اعوذ برب الفلق، سورۂ قل اعوذ برب الناس اور جادو دفع کرنے کی آیتیں لکھ کر اس گھڑے میں ڈال دیا جائے، اور جادو دفع کرنے کی آیتیں یہ ہیں:

①فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبِّ مُوْسٰي وَهٰرُوْنَ. (پارہ:۹، آیت:۱۲۲)

②فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُه اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِه وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ.

(پارہ:۱۱، سورۂ یونس، آیت:۸۲)

③وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى (پارہ۱۶:سورۂ طٰہٰ آیت:۶۹)

پھر جس پر جادو کا اثر ہو، اس پانی میں سے کچھ اس کو پلایا جاوے، اور اس پانی سے اس کے ہاتھ پاؤں دھلوایا جاوے۔ اور بہتر یہ ہے کہ اس پانی سے اس کو غسل کرایا جاوے۔ یہ عمل یک شنبہ یعنی اتوار کے دن کرے، ایسا ہی چند مرتبہ اتوار کے دن یہ عمل کیا جاوے، ان شاء اللہ تعالیٰ! جادو کا اثر دفع ہو جائے گا۔ (از: مکتوبات فقیہ الزمن، ص:۲۳۶، ۲۳۷)

## دفعِ سحر کے لیے عمل

ایک صاحب نے اپنے اوپر سحر کے اثر کی شکایت کی اور تعویذ کی درخواست کی، ارشاد فرمایا کہ: گیارہ مرتبہ معوّذتین (قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس) اول و آخر درود شریف سات سات مرتبہ صبح و شام پڑھ کر اپنے اوپر دَم کر لیا کریں۔

اس سے بہتر اس کے لیے کوئی عمل نہیں؛ اس لیے کہ حق تعالیٰ شانہ نے اِن دونوں سورتوں کو حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سے سحر کے اثر کو ختم کرنے کے لیے نازل فرمایا تھا۔

(ملفوظات:۱/۶۶)

## دفعِ جادو کے لیے

حضرت مدنی قُدِّسَ سِرُّہٗ بھی جادو کے لیے تعویذ دیتے تھے مرغ کے خون سے لکھنے کا: ''جادو برسرِ جادوگر'' لکھ کر سر کی سیدھ میں اوپر ٹانگ دیا جائے۔ (افریقہ اور خدمات فقیہ الامت:۳۴۸)

فائدہ: حضرت شیخ الاسلام مدنی قدس سرہ سے مرتب کے والد مرحوم: حضرت

مولانا سلیمان صاحب حافظجیؒ کو بھی عملیات کی اجازت حاصل تھی اور والد صاحب بھی یہ عمل کرتے تھے، سفید دیسی مرغ بولتا ہوا (اذان دیتا ہوا) اس کو پاک چھُری سے ذبح فرماتے اور فوراً لکڑی کے قطے سے سفید کاغذ پر یہ عبارت لکھ دیتے تھے۔ (از: مرتب)

## دفع سحر کی ترکیب

سوال: زید کی شادی ہندہ سے ہوئی؛ مگر ہندہ کے گھر والوں نے زید پر جادو کرادیا جس سے والدین سے بالکل بیزار ہوگیا، بہت عمل کیا؛ مگر افاقہ نہیں ہوا، اب یہ بتلایا گیا کہ شیطانی عمل ہی سے دور ہوگا، تو اگر ایسا عمل (جادو) کرایا جائے تو گنجائش ہے یا نہیں؟

الجواب: حامداً و مصلیاً:

یہ کہنا کہ عملِ شیطانی ہی سے علاج ہوتا ہے یہ صحیح نہیں ہے۔ دفعِ سحر، جائز اعمال سے بھی ہوتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دفعِ سحر کے لیے معوذتین نازل ہوئی تھیں۔

مثلاً: اگر سحر کیے ہوئے کو چالیس روز تک سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمن الرحیم چینی کے برتن پر زعفران کے پانی سے لکھ کر دھوکر نہار منہ پلایا جائے، تو باذنہ تعالیٰ شفا ہوجاتی ہے۔ حدیث شریف میں موجود ہے کہ: سورہ فاتحہ ''سورۂ شفا'' ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ: العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند

(از: فتاویٰ محمودیہ: ۲۸/ ۲۹۸، مکتبہ محمودیہ یوپی؛ مرتب: (مفتی) محمد فاروق صاحبؒ)

## آسیب وغیرہ کے لیے

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا. (سورۂ طارق) پڑھ کر لوہے کی میخوں پر دَم کر کے مکان کے کونوں میں دفن کر دیں۔

## برائے دفعِ سحر و آسیب دشمن

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِه لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ. (سورۂ بقرہ آیت: ۷۳) ایک ہزار ایک دفعہ پڑھ کر نمک پر دَم کر کے کھانے کے اندر ڈال کر کھلایا جائے، یہی نمک ہمیشہ استعمال کریں۔

## برائے دفعِ سحر

①فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُه اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ. وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِه وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ. (پارہ:۱۱ سورۂ یونس آیت: ۸۲)

②فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ. (الاعراف:۱۲۲)

③ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى. (پارہ۱۶: سورۂ طٰہٰ آیت: ۶۹)

دریا (ندی) کے یا سات کنوؤں کے ایک گھڑا پانی میں باوضو آیت مذکورہ بالا اور معوذتین گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں، اور مریض کو تین یا پانچ یا سات گھونٹ

پلائیں، اور باقی ماندہ پانی سے سر پر ڈال کر نہلائیں۔ یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کیا جائے گا اور چالیس دن تک کیا جائے گا۔

## دفعِ آسیب

جس پر آسیب ہو، اس کے بائیں کان میں سات مرتبہ یہ آیت پڑھیں:

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ. (سورۂ ص:۳۴)

## پریشانیوں کو دور کرنے کے لیے

مصائب دور کرنے کے لیے اصل عمل، حقوق اللہ اور حقوق العباد کا ادا کرنا اور گناہوں سے پرہیز، نیز سنت کی اشاعت کرنا ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند

(از: فتاوی محمودیہ: ۲۸/ ۳۲۵، مکتبہ محمودیہ یوپی؛ مرتب: (مفتی) محمد فاروق صاحبؒ)

ایک صاحب نے کچھ پریشانیوں کا تذکرہ کرکے ان کے دفعیہ کے لیے تعویذ وغیرہ کے لیے کہا، تو ارشاد فرمایا کہ: فجر کی سنت اور فرض کے درمیان ۴۱/ مرتبہ الحمد شریف مع بسم اللہ، اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کریں، بہت مفید چیز ہے۔

(ملفوظات ۱/ ۶۷)

عرض: پریشانیوں سے بچنے کے لیے کوئی دعا بتلادیں۔

ارشاد: آپ عشا کی نماز کے بعد باوضو قبلہ رُو ہوکر ۵۰۰/ مرتبہ درود شریف پڑھا کریں، ان شاء اللہ! ساری پریشانیاں دور ہوجائے گی۔ (ملفوظات: ۱۰/ ۳۹)

# پریشانی دفع کرنے کے لیے استغفار کی کثرت

سوال: باسمہ سبحانہ تعالیٰ

حضرت والا زید مجدہم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بندہ بہت زیادہ ہر طرح سے پریشان ہے، خصوصاً جب سے حضرت والا سے بیعت ہوا، اعمال کے اعتبار سے پچاس فیصد پیچھے ہٹ گیا، مسلسل بیمار رہتا ہوں، دل میں نہ رات کو سکون ہے نہ دن کو؛ نیز جو کچھ پڑھتا اور سنتا ہوں، وہ بھی بھول جاتا ہوں، لہٰذا کوئی علاج تجویز فرمادیں، مالی پریشانی بھی بہت ہے۔ فقط والسلام

جواب: باسمہ سبحانہ تعالیٰ

محترمی زید احترامہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کی پریشانی سے تکلیف ہے۔ جو معمولات آپ کے لیے تجویز کیے تھے ان پر پابندی سے عمل کیا کریں، اور استغفار کی کثرت کریں، اس تصور کے ساتھ جیسے آدمی کے پاس کپڑا ہے، جو میلا ہے، گندا ہے، ایک نل کے قریب بیٹھ کر اس کو دھوتا ہے، نل سے اس کے اوپر پانی گر رہا ہے اور گندگی بھی دور ہوتی ہے، یہاں تک کہ کپڑا بالکل پاک صاف ہوجاتا ہے۔ اسی طریقے پر استغفار پڑھنا چاہیے کہ ایک ایک مرتبہ استغفار پڑھنے سے گناہ کم ہوتے اور دھلتے ہیں؛ یہاں تک کہ اللہ پاک سارے گناہوں کو معاف فرمادیتے ہیں۔ نیز اس تصور کے ساتھ کثرت سے استغفار کیا کریں۔

اللہ تعالیٰ آپ کے گناہوں کو بھی معاف فرمائے، میرے گناہوں کو بھی معاف فرمائے، مالی تنگی کو بھی دور فرمائے۔ فقط والسلام املاہ العبد محمود غفرلہ

(مکتوبات: ۱/ ۱۶۵)

## وظیفہ برائے مخالفین سے بچاؤ، حاسدین سے بچاؤ

مخالفین کے شر سے بچنے کے لیے سورۂ لایلاف (سورۂ قریش) ہر نماز کے بعد سات دفعہ پڑھا کریں، تو اللہ تعالیٰ ان کے خوف سے امن دے گا۔ حاسدین کی حسد سے حفاظت کے لیے ''سورۂ فلق'' ''سورۂ ناس'' صبح وشام گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھا کریں، بہت مفید ہے۔ (مکتوبات ۲/ ۱۳۳)

## حاسدین سے حفاظت کے لیے

''یَاحَفِیْظُ'' کثرت سے پڑھا کریں، تو ان شاء اللہ! حاسدین سے حفاظت رہے گی۔ (مکتوبات ۱/ ۲۹۲)

## عمل برائے حفاظت جان و مال

ارشاد فرمایا کہ: جان و مال وغیرہ کی حفاظت کے لیے ''یَاحَفِیْظُ'' روزانہ دو سو بیالیس دفعہ بعد نماز فجر پڑھ لیا کریں، اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ لیں، ان شاء اللہ حفاظت رہے گی۔ (ملفوظات: ۳/ ۶۲)

## فسادات کے موقع پر حفاظت کے لیے

ارشاد فرمایا کہ: ''بابو عیاض صاحب'' مرکز نظام الدین دہلی میں بازار سے سامان لانے کی خدمت پر مامور تھے، ۱۹۴۷ھ کے فساد کے موقع پر کسی ضرورت سے بازار میں گئے ہوئے تھے، ضرورت پوری کر کے مرکز پہنچنے کے لیے بس میں بیٹھے، غیر مسلموں نے اُن کو گھورنا شروع کر دیا، انھوں نے تاڑ لیا کہ ان کا کیا منشا ہے؟ فرمایا: تم لوگ میرا

کچھ نہیں بگاڑ سکتے ہو، میں اسی بس سے نظام الدین جاؤں گا۔

لوگوں نے سمجھا کہ ان کے پاس کوئی چیز ہے، جس کی بنا پر اتنا اونچا بول رہے ہیں؛ اس لیے ان سے کہا کہ: تمھارے پاس کیا چیز ہے جس کے سبب ایسا کہتے ہو؟ کہا: بس! ہے میرے پاس کچھ، تمھیں کیوں بتاؤں؟ بالآخر بہ عافیت نظام الدین پہنچے۔ وہاں یہ قصہ بتلایا، حضرت شیخ بھی اس وقت وہاں تھے، شیخ نے فرمایا کہ: ہمیں تو بتلا دو وہ کیا چیز ہے؟ کہنے لگے: آپ ہی کا تو بتلایا ہوا ہے کہ ایسے موقع پر: اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ. پڑھا کیجیے۔ (ملفوظات: ۷/ ۹۵)

## غم کو دور کرنے کے لیے

عرض: دریافت کیا گیا کہ: نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر دعا پڑھنا ثابت ہے؟

ارشاد فرمایا کہ: جی ہاں! ثابت ہے۔ حافظ ابن السنیؒ حنبلی تلمیذِ امام نسائیؒ نے اپنی کتاب ''عمل الیوم واللیلة'' میں مرفوعاً روایت نقل کی ہے کہ: حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز کے بعد سر کے اگلے حصے پر داہنا ہاتھ رکھ کر ''اَللّٰهُمَّ اذْهِبْ عَنِّيْ الْهَمَّ وَالْحُزْنَ'' پڑھتے تھے۔

علامہ جزریؒ نے بھی حصن حصین (۱۰۷) میں ابن سنی اور ابو یعلیٰ دونوں سے نقل کیا ہے، پوری دعا اس طرح ہے: ''بِسْمِ اللهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ، اَللّٰهُمَّ اذْهِبْ عَنِّي الْهَمَّ وَالْحُزْنَ''۔ (ملفوظات ۴/ ۱۴)

## (دشمن کی نظر سے) حفاظت کے لیے دم کرنا

اَللّٰهُمَّ اسْتُرْنِيْ بِسِتْرِكَ الْجَمِيْلِ الَّذِيْ سَتَرْتَ بِهِ نَفْسَكَ فَلَا عَيْنٌ تَرَاكَ.

# حفاظت کے لیے

① وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَالْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ. (البقرة:۲۵۵)

② فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَاَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ.(یوسف:۶۴)

③ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ. (الصافات:۷)

④ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ. (الحجر:۱۲)

⑤ وَحِفْظًا، ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ. (فصلت:۱۲)

⑥ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ. (الطارق:۴)

⑦ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ، اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ، وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ، هَلْ اَتٰكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ، فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ، بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَائِهِمْ مُّحِيْطٌ، بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ. (البروج:۲۲)

⑧ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً. (الانعام:۶۱)

⑨ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ. (هود:۵۷)

⑩ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ. (الرعد:۱۱)

⑪ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَه لَحٰفِظُوْنَ. (الحجر:۹)

⑫ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ.(الانبیاء:۸۲)

⑬ وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ.(سبا:۲۱)

⑭ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ. (یوسف:۵۵)

⑮ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ. (الشوریٰ:۶)

⑯وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ. (ق:۴)

⑰لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ.(ق:۳۲)

⑱وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ.(الانفطار:۱۰)

اِن تمام آیات کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں یا مکان میں لٹکا دیں، اللہ تعالیٰ کے حکم سے ان شاءاللہ! کوئی چیز تکلیف نہ پہنچائے گی۔

نوٹ: حضرت کی کاپی میں دیکھ کر بندے نے اس کے اسٹیکر (چپکانے والے) بنوا کر ملک و بیرونِ ملک خوب شائع کیے، الحمدللہ! لوگوں کو خوب فائدہ ہو رہا ہے۔(مرتب)

## وساوس اور پریشان کن خیالات کا علاج

عرض کیا کہ: حضرت! وساوس اور پریشان کن خیالات بہت آتے ہیں۔

ارشاد فرمایا کہ: نماز یا اسباق میں مختلف قسم کے خیالات آتے ہیں تو آپ کا کیا لے لیتے ہیں، آپ اپنے کام میں مشغول رہیں، ان خیالات کا علاج یہی ہے کہ ان کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ جیسے مکان سے مسجد تک چلتے ہوئے راستے میں کسی پرندے کی آواز آتی ہے، کسی چرندے کی، کسی درندے کی، کسی گاڑی کی؛ ان سب آوازوں کو آدمی کیسے روکے! اگر ہر آواز پر مستقل توجہ دے اور روکنے کی کوشش کرے تو وہ مسجد تک نہیں پہنچ سکے گا، بس! علاج یہی ہے کہ قدم پر قدم اٹھائے چلا جائے اور کچھ توجہ نہ دے۔ ان شاءاللہ! منزل طے ہو جائے گی اور جو خیالات غیر اختیاری طور پر آتے ہیں ان پر کوئی پکڑ بھی نہیں ہے؛ کیوں کہ پکڑ معصیت پر ہوتی ہے اور معصیت اختیاری ہے، غیر اختیاری خیالات معصیت نہیں۔ فقط والسلام (از: حضرتؒ کے خطوط مرتب کے نام)

## وساوس اور پریشان کن خیالات کا دوسرا علاج

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

محترمی زید احترامہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

تسبیحات کی پابندی سے بہت مسرت ہے، اللہ تعالیٰ اخلاص واستقامت دے، قبول فرمائے، نماز میں اگر خیالات آتے ہیں، تو ان کو ہٹانے کی فکر نہ کرے؛ بلکہ نماز میں جی لگانے کی کوشش کرے، اس سے خود بہ خود کم ہوجائیں گے۔ اور زیادہ خیالات آنے پر نماز سے فارغ ہوکر شیطان سے کہہ دیا کرے کہ: میری نماز تو ہوگئی، تُو کر! کیا کرتا ہے؟ ''لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ''، شیطان دیکھے گا کہ خیالات سے آپ پر کوئی اثر نہیں ہوتا، تو وہ خیالات دل میں ڈالنے بند کردے گا کہ اس پر کیوں محنت کی؟ یہ تو اثر ہی نہیں لیتا؛ مگر یہ بات ذرا دیر میں حاصل ہوتی ہے اور محنت سے حاصل ہوتی ہے۔

تقریر کرتے رہا کریں، اللہ تعالیٰ اخلاص دے، اور تقریر میں زیادہ تر وہ باتیں بیان کریں جو اپنے نفس میں موجود ہوں اور ان کی اصلاح مقصود ہو۔ اللہ تعالیٰ مدد فرمائے، تسبیحات کی پابندی پر اچھے اثرات مرتب کرے۔ فقط والسلام

املاہ العبد محمود غفرلہ (مکتوبات: ۱/ ۴۷)

## پریشان کن خیالات کا دفعیہ

ارشاد فرمایا کہ: پریشان کن خیالات کو دفع کرنے کے درپے نہ ہوئیے، درود شریف کا کثرت سے وِرد رکھے، اِن کی وجہ سے کام بند نہ کیجیے، جیسے: کوئی آدمی بازار جاتا ہے، وہاں طرح طرح کی آواز: ہارن کی، کتوں کے بھونکنے کی سنتا ہے، طرح طرح

کی چیزیں دیکھتا ہے؛ لیکن ان کی وجہ سے اپنا کام بند نہیں کرتا، بند کرنا تو بڑی بات ہے، اس میں کچھ کمی بھی آنے نہیں دیتا؛ بلکہ اس کو پورا پورا انجام دیتا ہے۔ (ملفوظات: ۱/ ۵۲)

## علاجِ وسوسہ
## حضرت نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، قرآن، اور اسلام کے متعلق برے وساوس

سوال: قریب تین ماہ ہوئے، میرے دل ودماغ میں ایک شبہ پڑ گیا ہے، مجھے ہر وقت یہ خیالات پریشان کرتے رہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی تھے یا نہیں تھے؟ قرآنِ پاک آسمانی کتاب ہے یا نہیں؟ اسلام سچا مذہب ہے یا نہیں؟ اِن خیالات کی وجہ سے مجھے بڑی بے چینی رہتی ہے اور کسی کام میں دل نہیں لگتا ہے۔ میں اس سوال کو سلجھانے کی ہر چند کوشش کرتا رہتا ہوں؛ مگر میرے دل ودماغ سے یہ خیال جاتا ہی نہیں ہے۔ اگر قرآنِ پاک پڑھوں تو یہ خیال آتا ہے کہ یہ سب یوں ہی تو نہیں ہے؟ اگر حدیث شریف پڑھوں تو بھی یہی خیال آتا ہے، اب بتایئے کہ مَیں کیا کروں؟

جواب: حامداً ومصلیاً و مسلماً!

آپ رات کو عشا کے بعد تازہ غسل کرکے دو رکعت نفل نماز توبہ کی نیت سے پڑھے، پھر درود شریف پانچ سو دفعہ، پھر ''اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ'' پانچ سو دفعہ پڑھ کر خدائے پاک کے سامنے یہ دعا کریں: یا اللہ! میرے ہر گناہ کو معاف کر، اور اپنی ذات پر اور اپنے رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور اپنے قرآنِ پاک پر یقین نصیب فرما جیسا کہ یقین کا حق ہے، اور میرے گناہوں کی نحوست سے اِس دولت کو ضائع نہ فرما۔

یہ عمل سات روز تک کریں اور چلتے پھرتے درود شریف کثرت سے پڑھا کریں۔ کسی صاحبِ نسبت متبعِ سنت بزرگ سے اپنا اصلاحی تعلق قائم کرلیں، خدائے پاک آپ کی مدد فرمائے۔

''سورۂ حٰم سجدہ'' روزانہ ایک مرتبہ پڑھ کر دعا مانگنا بھی دفعِ وسوسہ وشبہ کے لیے اکسیر ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند

(از: فتاویٰ محمودیہ: ۴۱/۲، مکتبہ محمودیہ یوپی، مرتب؛ (مفتی) محمد فاروقؒ)

## طہارت ونماز میں وہم

سوال: گزارش یہ ہے کہ احقر کو شک اور وہم کا مرض ہے، غسل وغیرہ یا پاکی میں تسلی نہیں ہوتی، انتہا یہ ہے کہ پانی ڈالتا ہوں؛ لیکن پھر بھی وہم باقی رہتا ہے، وضو ہے یا کسی قسم کی طہارت ہے؟ حتیٰ کہ نماز میں بھی دعا نہیں پڑھتا ہوں اور مکرر پڑھتا ہوں، بار بار یہی وسوسہ لگا رہتا ہے، وضو کرے یا نماز پڑھے، اور اعادہ کرتا رہتا ہوں۔ لہٰذا آپ کی خدمت میں عریضہ تحریر کیا ہے؛ تاکہ جناب مجھے کوئی وظیفہ یا تعویذ بتائے، تو میری یہ حالت بدل جائے۔

الجواب: حامداً ومصلیًا:

محترمی! السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آپ ''لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ'' کثرت سے پڑھا کریں، اور کچھ مدت کسی بزرگ کی خدمت میں جا کر رہیں، حق تعالیٰ آپ کو اس پریشانی سے نجات دیں۔ آمین! واللہ تعالیٰ اعلم حررہ: العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند

(از: فتاویٰ محمودیہ: ۶۲/۲۳)

## شیطانی وسوسوں کا علاج

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ: اگر کبھی تمھارے دل میں اللہ تعالیٰ اور سچے دین کے معاملے میں شیطان کوئی وسوسہ ڈالے تو اِس آیت کو آہستہ پڑھ لیا کرو: ﴿هُوَالْاَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَبِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ﴾ (تفسیر ابن کثیر، سورۂ حدید) (از: مرتب)

## دفعِ خطراتِ قلب واحوالِ پریشان

ہمیشہ بعد نمازِ مغرب یا بعد نمازِ عشا ۲۱ رمرتبہ پڑھے:

رَبَّنَا لَاتُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً، اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ. (ال عمران:۸)

## ذہن کی کمزوری کا بہترین علاج

ایک طالبِ علم نے ایک رُقعہ حضرت کی خدمت میں پیش کیا، جس میں سبق یاد نہ ہونے کی شکایت لکھی ہوئی تھی کہ یاد بہت کرتا ہوں؛ لیکن یاد نہیں ہوتا، بہت پریشان ہوں۔ اس پر حضرت نے اس کو قریب بلا کر ارشاد فرمایا کہ: اصل چیز حق تعالیٰ شانہٗ کی رضا مندی وخوشنودی ہے، پڑھنے، پڑھانے اور تمام عبادات کا حاصل یہی ہے، اور وہ ان شاء اللہ! حاصل ہے؛ اس لیے کہ حق تعالیٰ کسی کی محنت ضائع نہیں فرماتے۔

جب انسان قرآنِ پاک یاد کرتا ہے، محنت کرتا ہے اور پھر یاد نہیں ہوتا تو ثواب اس کو برابر ملتا ہے، حق تعالیٰ کی رضا مندی بھی اس کو حاصل ہوتی ہے جو اصل مقصود ہے، اور جب اصل مقصود حاصل ہے تو پھر افسوس اور اِس درجہ پریشانی کیوں ہے؟ بندے

کے اختیار میں کا جتنا تھا، اُس نے کیا، پھر اس پر نتیجہ مرتب کرنا اللہ تعالیٰ کا کام ہے، شیطان بندے کو اس طرح کے وساوس میں مبتلا کر کے محروم کر دینا چاہتا ہے، وسوسہ ڈالتا ہے کہ اتنی زندگی بے کار گزر گئی، کچھ حاصل نہ ہوا؛ حالاں کہ جب بندہ محنت کر رہا ہے، کوشش کر رہا ہے اور اس پر اجر اور حق تعالیٰ کی خوشنودی مرتب ہو رہی ہے، تو زندگی بے کار کہاں ہوئی؟ بلکہ اس کو بے کار سمجھنا ناشکری ہے۔

اللہ تعالیٰ کا کتنا بڑا احسان ہے کہ اس نے محنت کی توفیق دی، اپنے پاک کلام کے پڑھنے اور رَٹنے میں لگایا، معاصی میں مبتلا نہیں فرمایا، شیطان ناشکری میں مبتلا کر کے محروم کر دینا چاہتا ہے؛ پس اس طرح کے وساوس کو ہرگز جگہ نہ دینی چاہیے۔ حضرت کی اِس مختصر سی تقریر سے اس طالب علم کا سارا قبض جاتا رہا۔ (ملفوظات ۱/ ۱۴۰)

## اسبابِ نسیان

ارشاد فرمایا کہ: شامی (زکریا، ۱/ ۳۵۸) میں ہے:

سِتٌّ تُوْرِثُ الْنِّسْيَانَ. (یعنی چھ چیزیں نسیان پیدا کرتی ہے):

① چوہے کا جھوٹا کھانا۔

② زندہ جوں کا زمین پر چھوڑ دینا۔

③ ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنا۔

④ اونٹوں کی قطار کے درمیان آنا۔

⑤ مصطلگی چبانا۔ (مصلگی/مصطگی: ایک قسم کا پیلا گوند جو پستے کے درخت سے نکلتا ہے)

⑥ ترش سیب کھانا۔

بعض لوگوں نے اِن کے علاوہ بھی کچھ چیزیں ذکر کی ہیں:

⑦ دنیا کے سبب رنج وغم کرنا۔

⑧ تیز گرم روٹی کھانا۔

⑨ معاصی میں مبتلا ہونا۔

پھر فرمایا کہ: حضرت امام شافعیؒ نے اپنے استاذ حضرت وکیعؒ سے سوءِ حفظ کی شکایت کی تھی، تو انھوں نے ترکِ معاصی کی تلقین کی تھی، جس کو امام شافعیؒ نے اس طرح نظم کیا ہے:

| | | |
|---|---|---|
| شَكَوْتُ اِلٰى وَكِيْعٍ سُوْءَ حِفْظِيْ | | فَاَوْصَانِيْ اِلٰى تَرْكِ الْمَعَاصِيْ |
| فَاِنَّ الْعِلْمَ نُوْرٌ مِنْ اِلٰهِيْ | | وَنُوْرُ اللهِ لَا يُعْطٰى لِعَاصِيْ |

## قوتِ حفظ بڑھانے کے لیے بہترین عمل اور ذہنی کمزوری کا علاج

سوال: باسمہ سبحانہ تعالیٰ

حضرت والا زید مجدہم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ذہنی قوت بہت کم ہے، یاد داشت بھی بہت کم ہے، حضراتِ اساتذۂ کرام کی تقریریں کچھ دیر بعد یاد نہیں رہتیں، کتابیں بار بار مطالعہ کرنے کے باوجود ذہن نشیں نہیں ہوتیں، نصیحت کی مؤدبانہ درخواست ہے۔ والسلام

جواب: باسمہ سبحانہ تعالیٰ

محترمی زید احترامہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ ہر فرض نماز کا سلام پھیر کر داہنا ہاتھ سر پر رکھ کر یَا قَوِیُّ یَا قَوِیُّ یَا قَوِیُّ

(تین دفعہ) پڑھا کرے، اور طریقہ یہ رکھیں کہ: اول مطالعہ کریں، اور جو کچھ مطالعے میں سمجھیں اُس کا خلاصہ کاپی پر لکھ لیا کریں، پھر سبق میں جائیں اور استاذ کی تقریر کو خوب غور سے سنیں۔ دیکھیں کہ آپ نے جو کچھ مطالعے میں سمجھا تھا، اس میں اور استاذ کی تقریر میں کیا فرق ہے؟ جہاں سے اصل متن سمجھ میں نہ آئے، حاشیہ اور شرح دیکھ لیں، پھر ایک مرتبہ تکرار کرلیں۔ بس! اس کے بعد بھی اگر ذہن میں باقی نہ رہے تو پریشان نہ ہوں، اللہ تعالیٰ مدد فرمائے۔ فقط والسلام املاہ محمود غفرلہ

(مکتوبات ۱/۴۱)

## امتحان میں کامیابی کے لیے

ایک طالبِ علم نے امتحان میں ناکامی کی شکایت کی، تو ارشاد فرمایا:

اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ. (القمر:۱۰) کا وِرد رکھیں۔ (ملفوظات:۱/۶۸)

## بدنظری کا علاج

اللہ جل شانہ اپنے فضل وکرم سے بدنظری سے محفوظ فرمائے، یہ بہت ہی مہلک مرض ہے، اس کا سب سے پہلا ثمرہ عبادات میں سے حلاوت کا جانا ہے، اور دوسرا درجہ (عبادات کا) چھوٹنا۔ اس کی تدبیر لَا تُتْبِعِ النَّظْرَ ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا:

یَاعَلِیُّ! لَاتُتْبِعِ النَّظْرَةَ النَّظْرَةَ؛ فَاِنَّ لَكَ الْاُوْلٰى وَلَيْسَتْ لَكَ الْآخِرَةُ.

(مشکوۃ:۲۶۹)

ترجمہ: اے علی! نظر کے بعد دوسری نظر نہ ڈالنا؛ کیوں کہ تمھاری پہلی نظر (مجبوری

کی ہوگی)؛لیکن دوسری نظر تمھارے واسطے (جائز) نہیں ہے۔

یہی حدیث میں وارد ہے، اگرچہ اس میں تھوڑی سی مشقت تو ضرور ہے؛ مگر علاج میں تکلیف تو ہوتی ہی ہے۔اور اگر کسی سے خاص تعلق (حسن پرستی کا) پیدا ہوجائے تو اس کے متعلق خاص طور سے:

(۱)اس کے بوڑھاپے کی حالت کا تصور کریں، جب دانت ٹوٹ جائے، جھریاں پڑ جائیں (۲)اور سب سے بہتر تو مالک سے دعا کرنا ہے۔(مکتوبات:۴/ ۹۴، ۹۵)

## بدنظری سے حفاظت کا مراقبہ

﴿اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی﴾ (العلق:۱۴)

اِس آیتِ کریمہ کا دھیان مفید ترین ہے۔اول اول تنہائی میں بیٹھ کر اس کو بار بار معنیٰ کے تصور کے ساتھ پڑھیں، اور سوچیں کہ: اگر میرا کوئی بڑا دیکھ رہا ہو، تو نامحرم کو نہیں دیکھوں گا، شرم کروں گا؛ پھر ''مالک الملک'' جب دیکھ رہا ہے تو کیسے دیکھوں! اس کی اتنی مشق کی جائے کہ تکلف کی حاجت نہ رہے۔(مکتوبات فقیہ الزمن:۲۸۷)

## نیند آنے کے لیے مفید علاج

سوال: باسمہ سبحانہ تعالیٰ

حضرت والا زید مجدہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عرض خدمتِ اقدس میں یہ ہے کہ: میں بہت پریشان ہوں، رات میں بالکل نیند نہیں آتی، برائے کرم کوئی تعویذ یا وِرد و وظیفہ ارسال فرمائے، نوازش ہوگی۔احقر کے لیے دعا بھی فرمائے۔فقط والسلام

جواب: باسمہ سبحانہ تعالیٰ

محترمی زیداحترامہ! السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

آپ کی پریشانی سے قلق ہے، آپ ''سویا'' (ایک سبزی کا نام ہے، پالک کا پتا سیدھا ہوتا ہے، اور سویا ذرا ذرا سی شاخیں والا) قریب رکھ کر سویا کریں، ان شاء اللہ! نفع ہوگا، اور سونے سے پہلے یہ دعا پڑھ کر اپنے اوپر دَم کرلیا کریں:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَمَا أَظَلَّتْ، وَرَبَّ الْأَرْضِيْنَ وَمَا أَقَلَّتْ، وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا أَضَلَّتْ، كُنْ لِيْ جَاراً مِنْ شَرِّ خَلْقِكَ أَجْمَعِيْنَ أَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ أَحِدٍ مِنْهُمْ وَأَنْ يَّطْغَىٰ؛ عَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ. فقط والسلام

املاہ العبد محمود غفرلہ (مکتوبات: ۱/ ۱۳۴)

## خواب میں اپنے کو بیت الخلاء جاتے دیکھنا

سوال: باسمہ سبحانہ تعالیٰ

حضرت والا زیدمجدہم! السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

بندے نے ایک خواب دیکھا کہ بیت الخلاء میں جارہا ہوں، یا بیت الخلاء سے واپس آرہا ہوں، بار بار اسی صورت میں دیکھا۔ فقط والسلام

جواب: محترمی زیداحترامہ! وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ

خواب میں جو کچھ آپ دیکھتے ہیں وہ کھانے کی بے اعتدالی ہے، اعتدال کے ساتھ درمیانی درجے کا کھانا کھایا کریں، اور سونے سے پہلے ''الحمد، چاروں قل، آیۃ الکرسی'' پڑھ کر اپنے اوپر دَم کرلیا کریں۔ اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے۔ فقط والسلام

املاہ العبد محمود غفرلہ (مکتوبات: ۲/ ۱۴۶)

## پریشان کن خواب کا علاج

سوال: باسمہ سبحانہ تعالیٰ

حضرت والا زید مجدہم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

پریشان کن خواب اکثر آتے رہتے ہیں، جس سے طبیعت میں ایک قسم کی کیفیت سے خوف طاری رہتا ہے، ایسے موقع پر کیا کرنا چاہیے؟ تجویز فرمادیں کرم ہوگا۔

فقط والسلام

جواب: باسمہ سبحانہ تعالیٰ

محترمی زید احترامہ! وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

پریشان کُن خواب نظر آئے ''لَاحَوْلَ'' پڑھ کر بائیں طرف ''تھو، تھو، تھو'' تین مرتبہ کردینا چاہیے، اور دعا کرلی جائے: یا اللہ! پریشان کُن خواب اور اس کے اثر سے محفوظ رکھ۔

فقط والسلام

املاہ العبد محمود غفرلہ (مکتوبات: ۲/ ۱۴۲)

## دل کی گھبراہٹ کا علاج

ایک مرتبہ ایک صاحب نے عرض کیا کہ: حضرت! دل میں گھبراہٹ بہت رہتی ہے، اطمینان وسکون نہیں۔ فرمایا: آپ ''سورۂ الم نشرح'' ہر نماز کے بعد سات دفعہ، اول آخر درود شریف سات دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر دَم کرلیا کریں، اِس سے ان شاء اللہ! نفع ہوگا، گھبراہٹ دور ہوگی۔ (ملفوظات: ۷/ ۶۶)



## قرض کی ادائیگی کے لیے

آدمی جب کسی ضرورت سے پریشان ہوکر قرض لیتا ہے اور اس کو ادا کرنے کی نیت رکھتا ہے، جب تک وہ ادا نہیں ہوجاتا اللہ تعالیٰ کی مخصوص مدد اس کے شاملِ حال رہتی ہے۔ (مکتوبات:۱/۲۵۱)

## مقروض پر خاص عنایت

ایک صاحب نے عرض کیا: حضرت! قرض بہت ہے، جس کی وجہ سے بڑا فکر رہتا ہے، طبیعت پریشان رہتی ہے۔

ارشاد فرمایا کہ: اپنے جیب اور اپنی کمائی سے ادا کرنا ہے؛ اس لیے فکر ہے۔ یاد رکھو! جو شخص کسی مجبوری کے تحت قرض لیتا ہے اور اس کو ادا کرنے کی نیت ہوتی ہے، تو حق تعالیٰ شانہ کی خاص عنایت اس کے اوپر ہوتی ہے، اس کی خاص نصرت ہوتی ہے، یہاں تک کہ قرض ادا ہوجائے۔ (ملفوظات:۳/۴۴)

## دعا برائے ادائے قرض

عرض: اپنے ذمے قرض بہت ہے، دعا فرمادیں ادائیگی کے لیے۔

ارشاد: ترمذی شریف (۲/۱۹۶) میں ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: جس شخص کے ذمے قرض ہو، وہ اِس دعا کو پڑھا کرے، اگر پہاڑ کے برابر بھی قرض ہوگا تو حق تعالیٰ شانہ اس کو ادا کروادیں گے، دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ.

(ملفوظات:۱۰/۳۶)

## حرام آمدنی سے بچنے کا طریقہ

عرض: میری آمدنی حلال نہیں، کسی غلط کاروبار میں پھنسا ہوا ہوں، اس کے لیے کوئی دعا ارشاد فرمائیے!

ارشاد: آپ سچی توبہ کرلیں اور ہر نماز کے بعد تین تین مرتبہ یہ دعا پڑھا کریں:

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلاَلِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ.

(ملفوظات:۲۹/۱۰)

## وسعتِ رزق کا عمل

سوال: احقر کا ذریعۂ معاش کاشت کاری ہے اور کچھ مقروض بھی ہے، اس لیے دعا کریں اور وسعتِ رزق کے لیے کوئی عمل بتائیں۔

جواب: فجر کی سنت اور فرض کے درمیان ''سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ، اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ'' سو بار، اول اور آخر درود شریف گیارہ بار روزانہ پڑھا کریں۔ اللہ پاک فراغت کی حلال روزی عطا فرمائے اور قرض سے نجات دے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند

(از: فتاوی محمودیہ:۲۸/۳۱۰، مکتبہ محمودیہ یوپی، مرتب: (مفتی) محمد فاروق صاحبؒ)

## وسعتِ رزق کے لیے اَور ایک عمل

فجر کی سنت اور فرض کے درمیان ''سورۂ الحمد شریف'' ۴۱ مرتبہ مع بسم اللہ، اول وآخر درود شریف گیارہ بار پابندی سے پڑھا کریں، ان شاء اللہ! روزی میں برکت ہوگی۔ املاہ: العبد محمود غفرلہ (مکتوبات:۱/۲۹۲)

## خیر و برکت کے لیے

فجر کی سنت اور فرض کے درمیان ۴۱ / بار سورۂ الحمد مع بسم اللہ، اول آخر درود شریف سات بار پابندی سے پڑھیں، اور دعا کیا کریں، بسم اللہ وصل کر کے پڑھیں۔

## بینڈ باجا فروخت کرنا اور حلال روزی کا عمل

سوال: میری تمام گزر بسر اس بات پر ہے کہ مَیں بینڈ باجہ فروخت کرتا ہوں؛ مگر گھر میں ہمیشہ بربادی رہتی ہے، ہر وقت جیب خالی، پیٹ خالی، ہاتھ دوسروں کے سامنے پھیلا رہتا ہے، اس کے علاوہ کوئی اَور کام جانتا نہیں، یہ میرا مشغلہ ہے، میرے لیے کیا مشورہ ہے کہ مَیں اس بربادی سے چھٹکارا پا جاؤں؟

جواب: حامداً و مصلیًا:

بینڈ باجہ بجانا ناجائز ہے، اس کا سننا ناجائز، اس کا فروخت کرنا ناجائز؛ اس نحوست کا یہ اثر ہے کہ آمدنی زیادہ ہونے کے باوجود کوئی خیر و برکت نہیں ہوتی۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے رو کر توبہ کریں اور حلال روزی مانگیں، خواہ تھوڑی ہی کیوں نہ ہو، معمولی مزدوری کر لیں؛ اگرچہ اپنی شان کے خلاف ہو۔

فجر کی سنت اور فرض کے درمیان:

سورۂ الحمد شریف مع بسم اللہ ۴۱ / بار، اول و آخر درود شریف ۱۱ / بار۔

نمازِ فجر کے بعد: سورۂ اذا جاء نصر اللہ ۲۱ / بار۔

ظہر کے بعد ۲۲ / بار۔

عصر کے بعد ۲۳ / بار۔

مغرب کے بعد ۲۴ / بار۔

عشا کے بعد ۲۵ / بار'' پڑھا کریں۔

نیز کوئی ایک وقت مقرر کرکے باوضو قبلہ رُو بیٹھ کر درود شریف ۵۰۰ / بار پڑھا کریں، اِن شاء اللہ! روزی فراغت کی ملے گی اور پریشانی دور ہوگی، خدائے پاک اپنا فضل فرمائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم حررہ: العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند

(از: فتاویٰ محمودیہ: ۲۴/ ۱۷۶، مکتبہ محمودیہ یوپی، مرتب: مفتی محمد فاروق صاحبؒ)

## میاں بیوی میں جوڑ اور محبت

ایک مرض لکھا ہے بیوی کے ساتھ تشدد کا، اور اس کا علاج پوچھا ہے۔ علاج تو ظاہر اور بدیہی ہے کہ: تشدد نہ کریں، نرمی کا برتاؤ کریں، جب غصہ آئے تو سوچیں کہ آپ بھی اللہ تعالیٰ کے یہاں قصوروار ہیں، اگر اللہ تعالیٰ آپ پر غصہ کرنے لگیں تو آپ کا ٹھکانہ کہاں؟ آپ اس غریب کے قصور کو معاف کردیں تو اللہ تعالیٰ آپ کے قصور کو معاف کریں گے، اگر آپ اس کے قصور کو معاف نہ کریں تو اللہ تعالیٰ سے کس منہ سے کہیں گے کہ: میرا قصور معاف کردے! حدیث شریف میں ہے:

اِرْحَمُوْا مَنْ فِیْ الْاَرْضِ یَرْحَمُکُمْ مَنْ فِیْ السَّمَاءِ. (ترمذی شریف ۲/ ۱۴)

رحم کرو زمین والوں پر آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔ (مکتوبات: ۱/ ۱۷۹)

## میاں بیوی میں جوڑ
## آپس کی نااتفاقی سے بچنے کے لیے ایک عمل

سوال: احقر اور بیوی میں اکثر نااتفاقی رہتی ہے، باوجود یہ کہ مل کر رہنے کی کوشش

کرتا ہوں، ہو نہیں پاتا، کوئی عمل بتلا دیں کہ ہم دونوں مل جل کر خوش رہیں۔ فقط والسلام

جواب: آپ روزانہ عشا کی نماز کے بعد حسبِ ذیل سورتیں اور آیتیں پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کریں:

① سورۂ الم نشرح۔

② رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ.

③ سورۂ الحمد شریف۔

اللہ پاک دلوں میں محبت پیدا فرمائے۔ فقط والسلام

املاہ العبد محمود غفرلہ (مکتوبات: ۱/۲۹۱)

## بیوی سے محبت کے لیے

سوال: باسمہ سبحانہ تعالیٰ

حضرت والا زید مجدہم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خواب دیکھا کہ بیوی سے لڑائی ہو کر علاحدگی اختیار کر لی ہے، اور حقیقت میں بھی ایسا ہی ہے؛ لہٰذا ارادہ ہے کہ اس سے علاحدگی اختیار کرلوں، تعبیر مرحمت فرمائیں۔

جواب: باسمہ سبحانہ تعالیٰ

محترمی زید احترامہ! وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ماحول تو آپ کو شادی سے پہلے دیکھنا چاہیے تھا، وہ زیادہ نافع ہوتا؛ لیکن اب محض خواب کی وجہ سے آپ کوئی سخت معاملہ اختیار نہ کریں، آہستہ آہستہ نرمی سے اس کو سمجھاتے رہیں اور مہربانی کا معاملہ کرتے رہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا بھی کرتے رہیں، وہ دلوں کو نرم فرمانے والا ہے، اور رات کو عشا

کے بعد دو رکعت نماز ''صلاۃ الحاجۃ'' کی نیت سے پڑھ کر درود شریف گیارہ دفعہ، ''یَاوَدُوْدُ'' ایک سو ایک دفعہ، آخر میں درود شریف گیارہ دفعہ پڑھا کریں۔ اللہ تعالیٰ دل میں محبت پیدا فرمادے گا۔ فقط والسلام

املاہ العبد محمود حسن غفرلہ (مکتوبات: ۲/ ۶۹)

## خاوند کی پریشانی سے بچنے کے لیے

ایک صاحب نے اپنی کسی عزیزہ کے بارے میں شوہر سے پریشان رہنے کی، حقوقِ زوجیت ادا نہ کرنے کی شکایت کی۔

ارشاد فرمایا کہ: ان سے کہہ دیں کہ: روزانہ بعد نمازِ عشا:

یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالاَبْصَارِ وَیَاخَالِقَ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ یَا عَزِیْزُ یَا لَطِیْفُ یَا غَفَّارُ.

دوسو مرتبہ پڑھ لیا کریں، اور اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف بھی۔

(ملفوظات: ۳/ ۶۳)

## نافرمان بیوی کے لیے ایک عمل

سوال: باسمہ سبحانہ تعالیٰ

حضرت والا زید مجدہم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں آج کل بہت پریشان ہوں، میری اہلیہ میری کوئی بات نہیں مانتی ہے، میرے والدین، بھائی، بہن؛ سب ہی سے لڑائی کرتی ہے، اور ان سب کے ساتھ مجھے قتل کی بھی دھمکی دیتی ہے، میں ہر ممکن کوشش سمجھانے کی کر چکا ہوں، اس سے علاحدہ بھی رہ

چکا ہوں، اس کے والدین بہ جائے اُس کو سمجھانے، اُس کی ہمت افزائی کرتے ہیں، جن سے وہ اَور بھی زیادہ شوقِ چشم بن گئی ہے۔ آپ اس کے لیے دعا فرمانے کے ساتھ کوئی تدبیر ایسی بتائیں کہ مَیں اس مصیبت اور پریشانی سے نجات پاسکوں۔ فقط والسلام

جواب: باسمہ سبحانہ تعالیٰ

محترمی زیداحترامہ! السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

آپ کے پریشان حالات سے بہت قلق ہے، جو عادت لگ جاتی ہے اس کا چھوڑنا بہت مشکل ہے، صبر وتحمل کی ضرورت ہے۔ آپ اس کو سمجھاتے ہیں، اس کے اقوال واعمال سے خوش نہیں، پھر بھی وہ باز نہیں آتی، اس کا گناہ آپ کے سر پر نہیں۔ عشا کی نماز کے بعد ''یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالاَبْصَارِ وَیَاخَالِقَ اللَّیْلِ وَالنَّھارِ یَا عَزِیْزُ یَا لَطِیْفُ یَا غَفَّارُ'' دوسو مرتبہ، اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پابندی کے ساتھ پڑھا کریں۔ اللہ تعالیٰ رحم فرمائے۔ فقط والسلام (مکتوبات: ۱/ ۴۳)

ہمارے حضرت شیخ المشائخ مفتی احمد صاحب خانپوری دامت برکاتہم العالیہ ایسے پریشان حال لوگوں کو گجراتی اور اردو میں اس کا پرچہ تیار کرکے دیتے ہیں۔

## رشتہ ازدواج (شادی) کے لیے عمل

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

حضرت والا زیدمجدہم! السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

احقر کی سب سے چھوٹی ہمشیرہ بالغہ ہے؛ مگر کہیں سے اس کا رشتہ آتا ہی نہیں ہے، مناسب رشتے کے لیے کوئی عمل بتلائیں، کرم ہوگا۔ فقط والسلام

جواب: باسمہ سبحانہ تعالیٰ

محترمی زیداحترامہ! السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

آپ اپنی بہن کو تاکید کردے کہ، وہ عشا کے بعد ''یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ'' ایک سو ایک دفعہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ دفعہ پڑھا کریں۔ دل سے دعا کرتا ہوں: اللہ نیک وصالح جوڑ عطا فرمائے۔ فقط والسلام

املاہ: العبد محمود غفرلہ (مکتوبات: ۱/ ۲۹۳)

## نکاح نہ ہوتا ہو

اگر کسی کا نکاح نہ ہوتا ہو تو عشا کے بعد:

دو رکعت صلاۃ الحاجۃ پڑھ کر سات بار درود شریف۔

۱۰۱/ بار: ''یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ''۔

پھر سات بار درود شریف پڑھیں۔

اور دعا کریں۔

## رشتے کے لیے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم: زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِیْنَ وَالْقَنَاطِیْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَیْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ. (ال عمران: ۱۴) پڑھا کریں یا تعویذ بنا کر پہن لیں۔

## کمر میں درد؛ حضرت حکیم اختر صاحبؒ کے ساتھ سوال و جواب

ارشاد: سنا ہے کمر میں درد ہو گیا ہے۔

حکیم اختر صاحب: جی ہاں! بیسن میں جھک کر کئی مرتبہ وضو کرنا ہوا، کمر میں درد ہو گیا، ڈاکٹر کو دکھایا تھا، ایک مرہم تجویز کیا، اس کو استعمال کیا ہے۔

ارشاد: ''الم نشرح'' الخ پڑھ کر دَم کر لیا ہوتا۔

حکیم اختر صاحب: جی ہاں! اس میں وہ ہے: ﴿اَنْقَضَ ظَهْرَكَ﴾

ارشاد: ﴿وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ الَّذِيْ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ﴾ بھی ہے۔

حکیم اختر صاحب: جی بہت خوب۔

حکیم اختر صاحب: حضرت ''الم نشرح'' کتنی مرتبہ پڑھیں؟

ارشاد: آپ تو ایک مرتبہ پڑھ لیں کافی ہے، استحضار چاہیے وہ آپ کو حاصل ہے۔

حکیم اختر صاحب: الحمدللہ۔ (افریقہ اور خدماتِ فقیہ الامت: ۳۱۱)

## کمر میں درد کے لیے، نظر دور کرنے کے لیے

سوال کیا گیا کہ: جس شخص کی کمر میں درد ہوتا ہے، وہاں اس بچے کی لات اپنی کمر میں لگواتا ہے جو اُلٹا پیر کی طرف سے پیدا ہوتا ہے، یہ ٹوٹکے کے قبیل سے تو نہیں؟

اس پر ارشاد فرمایا کہ: حدیث پاک میں آتا ہے کہ جس شخص کو نظر لگ گئی ہو، تو جس کی نظر لگی ہے اس کے اعضا کو دھلوا کر اُس کا دھوون اس شخص پر ڈال دیا جائے، جس کو نظر لگی ہو، اس سے نظر اتر جائے گی۔ (مشکوۃ: ۲/۳۹۰)

اگر یہ صورتِ مذکورہ اسی قبیل سے ہے تو درست ہے، ٹوٹکا نہیں؛ ورنہ بہ ظاہر تو ٹوٹکا ہے۔

## برائے ہر مرض

ارشاد فرمایا کہ: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنا لعابِ دہن زمین پر ڈالتے، پھر اس کو مٹی میں ملا کر مریض کی پیشانی پر مَلتے جاتے اور یہ کہتے جاتے:

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا، بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا، يُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا. (ملفوظات: ۱/۶۸)

## برص کی بیماری کا علاج

ہر نماز کے بعد سات مرتبہ:

اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُذَامِ وَالْجُنُوْنِ وَمِنْ سَيِّءِ الْاَسْقَامِ.

اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھا کریں۔

بکری کے دماغ سے جو کیڑے مثل کملے کے نکلتے ہیں، ان کو استخوان زانوئے خوک کے ہمراہ مَل کر کے برص کے داغ پر لگانے سے چند روز میں برص کا نشان تک نہ رہے گا۔ بارہا تجربہ کیا ہے، اس سے بہتر اَور کوئی نسخہ برص؛ یعنی سفید داغ کا میسر نہیں ہوسکتا، جب تک یہ استعمال کیا جاوے لیموز یادہ کھایا جائے، اور دودھ مچھلی سے پرہیز۔ (مکتوبات: ۴/۸۱، ۸۲)

## فالج کے لیے

از علامہ انور شاہ کشمیریؒ:

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ، فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا، فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ، وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ، وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ

عَمَّا یَعْمَلُوْنَ. (سورۂ بقرہ: آیت: ۱۴۴) لکھ کر گلے میں باندھیں، اسی آیت کو ایک بار پڑھ کر پانی پر دَم کر کے پلائیں۔

ازشاہ ولی اللہؒ:

سورۂ فاتحہ پلیٹ میں (زعفران سے) لکھ کر پلائیں، ''روغن بلسان'' پر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دَم کر کے مالش کریں۔ (یہ تیل مدینہ منورہ میں آسانی سے مل جاتا ہے)

ازحضرت تھانویؒ: سورۂ زلزال (اِذَا زُلْزِلَتْ) لکھ کر ۴۰ روز تک پلائیں۔

## زبان کی لکنت کے لیے

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ. (سورۂ طٰہٰ)

## نگاہ کی کمزوری کے لیے

نمازِ پنج گانہ کے بعد گیارہ دفعہ ''یَا نُوْرُ'' پڑھے۔

## اگر پیشاب بند ہو جائے

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ. (البقرۃ:۷۴)

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُّنْهَمِرٍ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَاءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ. (القمر:۱۲)

وَاذْهَبْ اَيُّهَا الْحَصَاةُ بِقُدْرَةِ مَنْ يَقُوْلُ الشَّيْئَ كُنْ فَيَكُوْنُ.

اِن آیات کو مریض کے بائیں کان میں پڑھے۔

## بخار زدہ کے لیے

مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدِ بْنُ مُجَرْهَدِ بْنُ مُسَرْبَلِ بْنُ مُغَرْبَلِ بْنُ مُرَعْبَلِ بْنُ مُطَرْبَلِ بْنُ اَرَنْدَلُ بْنُ سَرَنْدَلُ بْنُ غَرَنْدَلُ بْنُ مَاسِكِ بْنُ مَسْتُوْرٍ. لکھ کر گلے میں تعویذ بنا کر ڈال دیں، اور مع البسملة (بسم اللہ) بچھو کی بھی جھاڑ ہے۔ (بذل المجہود: ۲۰)

## درد دور کرنے کے لیے

جہاں تکلیف ہو، وہاں ہاتھ رکھ کر تین دفعہ بسم اللہ پڑھو، اور سات دفعہ پڑھو:

أَعُوْذُ بِاللهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ. (مسلم ۲/ ۲۲۲، فقہ السنن والآثار: ۱۳۰)

بِسْمِ اللهِ الْكَبِيْرِ نَعُوْذُ بِاللهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ عِرْقِ النَّاسِ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ. (عمل الیوم واللیلة: ۱۵۲)

رَبِّ أَعْطِ نَفْسِيْ تَقْوَاها، وَزَكِّهَا أَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا، أَنْتَ وَلِيُّها وَمَوْلَاها.

اِس دعا کو لکھ کر پانی میں ملا کر پلایا جائے۔

## سانپ کے کاٹنے کا علاج

سوال: ① بنگال میں سانپ کثرت سے ہوتے ہیں، اکثر کاٹ بھی لیتے ہیں، وقت پر علاج کرنے والا کوئی مسلمان نہیں ملتا، تو ہندوؤں سے علاج کراتے ہیں، وہ لوگ جھاڑ پھونک سے علاج کرتے ہیں، تو ان سے جھاڑ پھونک کرانا کیسا ہے؟

② بعض دفعہ یہ لوگ ہاتھ چلاتے رہتے ہیں، اور پتہ لگا لیتے ہیں کہ زہر اتر گیا یا باقی ہے؟ لہٰذا اس پر اعتقاد رکھنا کیسا ہے؟

③ اگر آپ کے پاس کوئی علاج ہے تو براہِ کرم تحریر فرمائے۔

جواب: حامداً ومصلیاً:

① اگر یہ متعین ہے کہ وہ جھاڑ پھونک میں شرکیہ الفاظ پڑھتے ہیں، تو ان سے جھاڑ پھونک کرانا جائز نہیں، اگر محض احتمال ہو تو مکروہ ہے۔

② یہ ایک تجربے کی چیز ہے، جس کو تجربہ ہوگا بتا سکے گا، کوئی شرعی اعتقادی چیز نہیں جس سے ایمان کا خطرہ ہو، یہ ایسے ہی ہے جیسے کہ ''مقیاس الحرارت'' (تھرمامیٹر) سے بخار دیکھ لیتے ہیں، یا اطبا نبض سے بخار اور اس قسم کی چیزیں معلوم کر لیتے ہیں۔

③ اکتالیس دفعہ ''الحمد شریف مع بسم اللہ۔

سات مرتبہ: ﴿وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ﴾ (الشعراء: ۱۳۰)۔

تین دفعہ: ﴿قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ﴾

اول وآخر درود شریف سات سات دفعہ پڑھ کر دم کر دیا کریں، نیز پانی پر دَم کر کے پلاوے، اگر بے ہوش ہو تو پانی اس پر چھڑک دیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

حررہ: العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند

(از: فتاویٰ محمودیہ: ۲۸/ ۳۳۳، مکتبہ محمودیہ یوپی، مرتب: مفتی محمد فاروق صاحبؒ)

## ماہواری کم ہونا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

①وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ؛ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ، اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ. (یس: ۳۵)

②اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا

وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ، اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ.(الانبیاء:۳۰)

اوپر والی آیت لکھ کر موم جامہ کر کے پیٹ پر باندھے۔

## ماہواری کا زیادہ ہونا

یہ آیت لکھ کر پیٹ پر باندھیں:

وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَاءَكِ وَيٰسَمَاءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَي الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ.(ھود:۴۴)

## حفاظت از شر و رفتن، برکت رزق و ادائے قرض، تکمیلِ کارِ خاص

| حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ | |
|---|---|
| بہ نیتِ حفاظت از شر و رفتن | ۳۴۱/دفعہ |
| بہ نیتِ برکتِ رزق و ادائے قرض | ۳۰۸/دفعہ |
| بہ نیتِ تکمیلِ کارِ خاص، مقدمہ وغیرہ | ۱۱۱/دفعہ |
| بہ نیتِ کفالت و مصائب و پریشانی | ۱۴۰/دفعہ |

## گمشدہ چیز معلوم کرنے کا عمل

مولوی سلمان صاحب گنگوہی نے سوال کیا کہ: لوگ گمشدہ چیز کا پتہ چلانے کے لیے ایسا کرتے ہیں کہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ یاسین شریف پڑھ کر قرآنِ پاک میں ''وَلْيَتَلَطَّفْ'' کے دوسرے لام پر چاقو رکھ دیتے ہیں، اس سے چیز اٹھانے والے کو دست لگ جاتے ہیں، اور اس طرح گم شدہ چیز کا پتہ لگ جاتا ہے، سو یہ کیسا ہے؟

جواب: قرآنِ پاک کے کسی عمل کے لیے چاقو رکھنا درست نہیں۔

اس کا بدل دریافت کرنے پر ارشاد فرمایا کہ: گمشدہ چیز کا عدد نکال کر اس کے بہ قدر ''یَا مُعِیْدُ'' اور اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر یہ دعا کرے کہ: اے اللہ! فلانی چیز جو تُو نے عطا کی تھی، وہ میری نااہلی سے ضائع ہوگئی، اپنے فضل وکرم سے وہ مجھے واپس کردے۔

دوسرا بدل یہ ارشاد فرمایا کہ: آیت: یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ، اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ. (سورۂ لقمان آیت:۱۶)، ایک سو انیس مرتبہ: ''یاحفیظ''، اول وآخر درود شریف سات سات مرتبہ پڑھ کر دعا کرے۔ (ملفوظات:۱/۶۶)

## گم شدہ کے لیے ایک مجرب وظیفہ

لڑکی کے نام کے عدد نکال کر اس کے مطابق ''یامُعِیدُ'' پڑھنا مجرب ومفید ہے، خدا کرے وہ جلد عافیت کے ساتھ اپنے گھر واپس آجائے[1]۔ رفقائے افتا کی خدمت میں سلام مسنون[2]۔ فقط والسلام

املاہ العبد محمود غفرلہ دیوبند، ۵/۲/۱۴۱۲ھ

(از: حضرت نوراللہ مرقدہ کے خطوط مرتب کے نام)

---

① بندے کے قریبی رشتے دار میں سے ایک لڑکی برطانیہ میں گم ہوگئی تھی، اس سلسلے میں حضرتؒ سے رجوع کیا گیا تھا۔

② رفقائے افتا سے مراد بندے کے دارالافتا کے دو ساتھی: مفتی طاہر صاحب سورتی اور مفتی اسلم صاحب ڈڈھالوی ہیں۔

## گمشدہ کے لیے

اگر کوئی کھو گیا ہو تو اس کے نام کے برابر عدد نکال کر ''یَا مُعِیدُ'' پڑھا جاوے، اول و آخر ۷ ردفعہ درود شریف بھی پڑھا جائے اور یہ سب عشا کے بعد دو رکعت نماز کے بعد ہو، جس میں پہلی رکعت میں ''سورۂ والضحیٰ'' اور دوسری رکعت میں ''سورۂ الم نشرح'' پڑھی جاوے۔

## اگر کوئی چیز چوری ہو

اگر کوئی چیز چوری ہوگئی ہو تو دو رکعت نماز پڑھ کر ۱۱۹ ر بار:

یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ، اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ. (لقمان آیت:۱۶) پڑھیں۔

۱۱۹ ر بار ''یَا حَفِیظُ'' اول آخر درود شریف سات مرتبہ پڑھیں، اور دعا کریں۔

فائدہ: قرض وصول کرنے یا مقبوضہ/مغصوبہ چیز کی واپسی کے لیے بھی یہ عمل مفید ہے۔ (از: مرتب)

## عمل برائے واپسی مفرور (بھاگا ہوا، گم شدہ)

ارشاد فرمایا کہ: بسم اللہ لکھ کر آیت: ﴿وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾ سفید لتھے پر لکھیں؛ بعدہ یہ عبارت لکھیں:

''الٰہی بحرمتِ ایں آیتِ کریمہ فلاں ابن فلانہ ہر کجا کہ باشد، زود بخانہ اش باز آید، وتا نہ آید سکون نہ یابد، اَلْعَجَلْ اَلْعَجَلْ اَلْعَجَلْ اَلْوَحَاءْ اَلْوَحَاءْ اَلْوَحَاءْ اَلسَّاعَة

السَّاعَۃ السَّاعَۃ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ.

''فلاں'' کی جگہ مفرور کا نام اور ''فلانہ'' کی جگہ اس کی ماں کا نام لکھیں، پھر اس کو مکان میں زیادہ تاریک جگہ دیوار پر چپکا دے، ان شاء اللہ! مفرور واپس آئے گا۔

(ملفوظات: ۳/ ۶۲)

## اولاد کے لیے

عرض: میرے ایک دوست کے یہاں اولاد نہیں ہوتی، اس کے لیے کوئی عمل بتلا دیجیے۔

ارشاد: جب عورت حیض سے پاک ہو، تین انڈے ابال لیں، ان کو چھیل کر:

ایک انڈے پر: ﴿وَالسَّمَاءَ بَنَیْنٰھَا بِاَیْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ﴾

دوسرے پر: ﴿وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰھَا فَنِعْمَ الْمٰھِدُوْنَ﴾

تیسرے پر: ﴿وَمِنْ کُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَیْنِ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ﴾ لکھیں۔

اول کو مرد، دوسرے کو عورت، تیسرے کو مشترک طور پر آدھا آدھا دونوں (مرد عورت) کھائیں، اس کے بعد ملاقات (جماع) کریں۔ (افریقہ اور خدماتِ فقیہ الامت: ۳۳۶)

## عمل برائے حفاظتِ حمل

ارشاد فرمایا کہ: حفاظتِ حمل کے لیے باریک کالا دھاگا (ریل کا) عورت کے قد کے برابر (پیشانی کے بالوں سے پاؤں کی انگوٹھے تک) گیارہ تار لیں، اور اول سات دفعہ درود شریف پڑھیں، اس کے بعد سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ ایک بار پڑھ کر گرہ (گانٹھ) لگائے اور دم کریں۔

اِسی طرح اکتالیس بار پڑھ کر اکتالیس گرہ لگائے، آخر میں پھر سات دفعہ درود شریف پڑھیں، اور دھاگا حاملہ کے پیٹ پر بندھوا دیں، بچہ پیدا ہونے کے بعد اس کے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ! حمل محفوظ رہے گا، اسقاط نہ ہوگا۔ (ملفوظات: ۳/ ۶۲)

## حفاظتِ حمل کے لیے دوسرا عمل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

① اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَه بِمِقْدَارٍ. (الرعد: ۸)

② فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ (یوسف: ۶۴)

پڑھ کر دَم کریں یا تعویذ بنا کر پہن لیں۔

## قدوری کی برکت ولادت کی آسانی کے لیے

پہلے زمانے میں قدوری کے ساتھ یہ معاملہ کیا جاتا تھا کہ، حاملہ عورت کو جب ولادت کا وقت قریب ہوتا اور دردِ زہ شروع ہوتا تو اس کے سرہانے قدوری رکھ دی جاتی، اس کی برکت سے ولادت بہت سہل ہو جاتی تھی۔ (مکتوبات: ۱/ ۲۴۳)

## ولادت میں آسانی کے لیے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

وَاَلْقَتْ مَافِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ. (الانشقاق: ۵)

اَلْعَجَلْ اَلْعَجَلْ اَلْعَجَلْ، اَلْوَحَاءْ اَلْوَحَاءْ اَلْوَحَاءْ، اَلسَّاعَة اَلسَّاعَة اَلسَّاعَة وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ.

اس کو کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے دردِزہ ہونے پر عورت کی بائیں ران پر باندھیں، بچہ پیدا ہونے پر تعویذ فوراً کھول دیں۔

## ولادت میں آسانی کے لیے ایک اور مجرب عمل (از: مرتب)

جب دردِزہ شروع ہو تو یہ عمل کریں:

دو سو گرام دیسی گُڑ لیں جس میں کیمیکل ملا ہوا نہ ہو۔

اس پر پہلے تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

پھر سات مرتبہ بسم اللہ کے ساتھ یہ آیات پڑھیں:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ① وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ② وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ③ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ④ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ⑤

پھر آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اس گُڑ پر دم کر لیں۔

نوٹ: اگر چالیس مرتبہ یہ آیات پڑھ لیں تو زیادہ بہتر ہے۔

عورت کو جب درد شروع ہو تو سویٹ کی طرح چُسوائیں ان شاء اللہ! ولادت میں آسانی ہو جائے گی۔

نوٹ: قدوری اور مؤطا امام محمد یہ دو کتابیں بھی کپڑے میں لپیٹ کر سرہانے رکھ دیں، یہ بھی ولادت میں آسانی کے لیے بہت مفید ہے۔ (از: مرتب)

# عشق مجازی کو دور کرنے کا نسخہ

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

محترمی زید احترامہ! وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اتنا پہلے ذہن میں رکھیے کہ کوئی کام بغیر محنت اور بغیر ہمت کے نہیں ہوتا، اور خاص کر ایسی عادت کا چھوڑنا جو قوتِ برداشت پر غالب آچکی ہے۔ آپ تازہ غسل کر کے دو رکعت ''صلاۃ التوبہ'' کی نیت سے پڑھ کر دیر تک استغفار میں مشغول رہے، اور تصور قائم کرے کہ ''اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰہَ یَرٰی'' یعنی اللہ تعالیٰ کے سامنے میں حاضر ہوں، وہ مجھ کو دیکھ رہے ہیں، میری ہر حرکت وسکون سے واقف ہے۔

وہ (اللہ تعالیٰ) سوال کریں گے، کیوں رے نالائق! کیا ہم نے تجھے جسمانی قویٰ اِس لیے دیے تھے کہ ہماری نافرمانی میں صَرف کریں؟ ایک ایک عضو سے سوال ہوگا، دیر تک اس تصور میں غرق رہیں، اور پھر ''لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ'': حرفِ ''لَا'' کو سینہ سے نکالے اور کھینچ کر داہنے کاندھے سے لائے اور ''اِلٰہَ'' سے اسی طرح تصور کرے کہ غیر اللہ کی محبت کو سینے سے نکال کر پسِ پشت ڈال دیا، اور ''اِلَّا اللّٰہُ'' کے ساتھ اللہ کی محبت کو دل میں قائم کرلیا۔

تین دفعہ ''اِلَّا اللّٰہُ'' کے ساتھ ''مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ'' کہیں پھر ''اِلَّا اللّٰہُ'' کی ضرب دما دم لگائیں، جب پانچ سو دفعہ ہوجائے تو ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ'' تین مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد دعا کریں:

اے اللہ! میں عاجز ہوں، تُو توانا ہے، میں نادان ہوں، تو دانا ہے؛ اب تک کی

میری زندگی کی تمام غلط حرکات کو معاف فرما۔

بار بار استغفار اور دعا کریں، اور کوشش کریں کہ کوئی آنسو بھی نکل آئے۔

اس کا ایک وقت مقرر کر کے ضرب لگایا کریں، اور جس جس کی محبت سینے کے اندر بھری ہوئی ہے ہر ایک کو ''لَا'' ساتھ پکڑ پکڑ کر سینے سے باہر پھینک دیں۔

اور جو وقت مقرر کریں ذکر کا اس پر پابندی کے ساتھ ضرب لگایا کریں، اور پوری پابندی کے ساتھ اس پر عمل کریں، چالیس روز تک عمل کر کے اطلاع دیں کہ کیا حال ہے؟ اللہ تعالیٰ رحم فرمائے۔ فقط والسلام املاہ العبد محمود غفرلہ، چھتہ مسجد

(مکتوبات: ۱۶/۳)

## نفسانی خواہشات کا دفعیہ درود شریف سے

نفسانی خواہشات تو نفس کے ساتھ لگی ہوئی ہے، کسی طرح نفس کو فنا نہیں کیا جا سکتا؛ البتہ اس کو مغلوب کیا جا سکتا ہے، کوشش یہی کرنی چاہیے کہ اس کی خواہشات مغلوب رہے۔ حدیثِ پاک میں موجود ہے:

اَعْدَیٰ عَدُوِّكَ نَفْسَكَ الَّتِیْ بَیْنَ جَنْبَیْكَ.

خداوند تعالیٰ سے مدد مانگتے رہنے کی ضرورت ہے۔ لسان (زبان) اور قلب کے ذکر کو غالب کر لینے سے نفس کی خواہشات پر بھی غلبہ حاصل ہو جاتا ہے، جب کہ حق تعالیٰ نصرت فرمائے۔ ذکر تو بہت ہے، قرآنِ پاک میں موجود ہے: ﴿یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِیْرًا﴾ (سورۂ احزاب آیت: ۴۱) آپ درود شریف کثرت سے پڑھا کریں۔ فقط والسلام املاہ العبد محمود غفرلہ، دہلی (مکتوبات: ۲۶/۳)

## والد اگر کسی غلط کام کا شکار ہو اور ولد صالح کی بات نہ مانے تو

اصلاً علاج تو ان کے واسطے یہ تھا کہ: تبلیغ میں چلے کے لیے بھیج دیتے، ہفتہ واری تبلیغی اجتماع ہوتا ہے اس میں ان کو لے جائیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے لیے راستہ کھول دے اور آپ ''سورۂ الم نشرح'' پڑھ کر انہیں کبھی کبھی دَم کر دیا کریں۔ (مکتوبات: ۴۰/۳)

## مقدمہ میں کامیابی کے لیے عمل

سوال: احقر کے والد صاحب کا انتقال ہوا، اب جائیداد کی تقسیم کے مسئلے میں بھائیوں کا آپس میں سخت جھگڑا ہے، یہاں تک کہ معاملہ عدالت تک پہونچ گیا ہے، مَیں بہت زیادہ پریشان ہوں، برائے کرم کوئی عمل بتلادیں کہ مقدمے میں کامیابی ہو۔ چوں کہ احقر شرعی رُو سے اس معاملے میں برحق ہے، دعاؤں کی بھی درخواست ہے۔

جواب: باسمہ سبحانہ تعالیٰ

محترمی زید احترامہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی شخص دنیوی حالات کی وجہ سے پریشان ہو، اور مقدمے کی نوبت آرہی ہے، تو حاکم کے سامنے عدالت میں پہنچ کر داہنے ہاتھ کی انگلیوں کو چھوٹی انگلی سے شروع کر کے انگوٹھے تک ترتیب وار اس طرح دبانا چاہیے: ''ک، ہ، ی، ع، ص'' ایک ایک اگلی دبائی جائے، پانچوں انگلیاں دبانے سے مٹھی بند ہو جائے گی، اور پانچوں حرف پڑھ کر آگے بڑھا جائے ''کِفَایَتُنَا''۔

پھر بائیں ہاتھ کی انگلیوں کو اسی ترتیب سے دبایا جائے۔ ''ح، م، ع، س، ق'' اور پانچوں انگلیاں دبا کر پڑھا جائے ''حِمَایَتُنَا'' ان شاء اللہ مقدمے میں کامیابی ہوگی۔

واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔ فقط والسلام املاہ العبد محمود غفرلہ (مکتوبات:۱/۲۹۵)

## تبادلہ منظور کرانے کے لیے عمل

ایک صاحب نے عرض کیا کہ: حکومت نے میرا تبادلہ فلاں جگہ کر دیا ہے، وہاں مجھے بہت پریشانی ہے، میں پہلی جگہ رہنا چاہتا ہوں، حکومت منظور نہیں کر رہی ہے، اس کے لیے کوئی تعویذ دے دیجیے۔

فرمایا: تعویذ تو اب میں لکھتا نہیں، آپ ''یَا بَاعِثُ'' اکیس مرتبہ روزانہ بعد ظہر پڑھ لیا کریں۔ (ملفوظات:۷/۶۶)

## ہر مقصد میں کامیابی کے لیے عمل

ایک صاحب نے اپنا کوئی مقصد ذکر کر کے اس میں کامیابی کے لیے تعویذ کی درخواست کی، تو ارشاد فرمایا کہ ''یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ'' چلتے پھرتے کثرت سے پڑھا کیجیے، ہر مقصد کے لیے مفید ہے۔ (ملفوظات:۳/۶۲)

## وطن جانے میں دشواری

اگر کسی کو وطن پہنچنے میں دشواری ہو، تو وہ ظہر کے بعد دو رکعت نماز پڑھ کر ۲۱/ بار ''یَا بَاعِثُ'' اول آخر سات بار درود شریف پڑھیں۔

## اسم اعظم

رائے پور میں مولانا واجد علی صاحب تھے، ایک دفعہ انہوں نے مجھ سے دریافت فرمایا: اسم اعظم کیا ہے؟ میں نے کہا: اضطرار کی حالت میں جو اللہ کا نام زبان سے نکلے،

وہی اسم اعظم ہے۔فرمایا: ہاں! ٹھیک ہے؛ مگر ''اللہ'' اسمِ اعظم ہے، مجھے میکائیل علیہ السلام نے بتایا۔(افریقہ اور خدمات فقیہ الامت، ص:۳۸۲)

## ہر نماز کے بعد تسبیح فاطمی

ارشاد فرمایا کہ: ایک مرتبہ فُقَرا صحابہ رضی اللہ عنہم حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور کہا: حضور! (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) یہ مالدار لوگ نماز، وروزہ میں تو ہمارے برابر ہیں؛ مگر وہ صدقہ کرتے رہتے ہیں اور ہم لوگ اس سے محروم ہیں، اس طرح ثواب میں ہم ان سے پیچھے رہ جائیں گے۔

تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو تسبیحِ فاطمی سکھلائی، کہ ہر فرض نماز کے بعد پڑھا کرو: ۳۳/مرتبہ سبحان اللہ، ۳۳/مرتبہ الحمد للہ، ۳۴/بار اللہ اکبر وہ پڑھنے لگے، مال داروں نے دیکھا کہ یہ لوگ کچھ پڑھ رہے ہیں، تو انھوں نے بھی وہ تسبیح شروع کردی۔ اِس پر اُن فُقَرا صحابہ رضی اللہ عنہم نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ: یا رسول اللہ! یہ تو وہ بھی پڑھنے لگے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو کیا مَیں ان کو پڑھنے سے روک دوں؟ ذٰلِكَ فَضْلُ اللهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ۔(مشکوۃ:۸۹/۱)(ملفوظات:۱۱/۷)

## تہجد کے لیے آنکھ کھلنے کے بعد

تہجد کے لیے کوشش بھی کریں، دعا بھی کریں اور سونے سے پہلے کچھ رکعات اسی نیت سے پڑھ لیا کریں، پھر اگر آنکھ کھل جائے تو فوراً اٹھ کر بیٹھیں اور دعا پڑھیں: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسْلِ''۔اللہ تعالیٰ آسان فرمائے، توفیق دے، جملہ مقاصدِ حسنہ میں کامیابی دے۔(مکتوبات:۱۸۶/۱)

## استقامت کے لیے

استقامت کے واسطے دعا کرنی چاہیے، حدیثِ پاک میں دعا آئی ہے:

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ! ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ.

يَا مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ! صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ. (مکتوبات: ۲/۱۳۶)

## منزل کے متعلق

حضرت شیخ الحدیث نَوَّرَ اللّٰہُ مَرقَدَہٗ کی شائع کردہ منزل بہت مجرب اور مفید ہے، اکابر کا معمول ہے، حضرت شاہ ولی اللہؒ نے بھی اس کو لکھا ہے۔ متعلقین کی حفاظت کے لیے آپ اس کو پڑھا کریں، آپ کو اجازت ہے؛ مگر مقصود اللہ کو خوش کرنا اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنا ہو، یہی اکابر کا طریقہ رہا ہے۔ دشمنوں کو ذلیل وخوار ہوتا ہوا دیکھنا یہ ان کو پسند نہیں تھا، اکابر نے ہمیشہ اس سے روکا ہے۔ (مکتوبات: ۳/۱۹)

## آیت قطب

سوال: قرآنِ پاک میں آیتِ قطب کونسی آیت ہے؟ اس کے پڑھنے کا طریقہ اور اس کے اثرات کیا ہیں؟

جواب: پارہ/۴ میں: وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ (سورۂ آلِ عمران آیت: ۱۲۶) کو ''آیتِ قطب'' کہتے ہیں۔ ہر نماز کے بعد سات سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ اول آخر پڑھنا بعض اکابر سے منقول ہے۔ فقط واللہ اعلم، حررہ: العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند

(فتاویٰ محمودیہ: ۷/۶۰، ابواب مایتعلق بالقرآن والحدیث، مکتبہ محمودیہ یوپی، مرتب: مفتی محمد فاروق صاحبؒ)

## آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کے لیے عمل

سوال: مَیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرنا چاہتا ہوں، کونسا عمل بہتر ہوگا؟

جواب: حامداً ومصلیاً: ہر چیز میں سنت کا اتباع اور درود شریف کی کثرت۔

فقط واللہ اعلم حررہ: العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند (۳۰۹/۱۸)

## حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کے لیے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ فِیْ الْاَرْوَاحِ، وَعَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ، وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِیْ الْقُبُوْرِ

ہر شبِ جمعہ کو پانچ سو مرتبہ، بعد از عشا نہا کر اور صاف کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر قبلہ رُو بیٹھ کر پاک جگہ میں پڑھیں، اور پھر وہیں قبلہ رُو سو جائے، یہ عمل سات راتوں تک کرے، ان شاء اللہ زیارتِ جمالِ مبارک نصیب ہو جائے گا۔

## حروف تہجی کے اعداد

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ج | د | ہ | و | ز | ح | ط | ی |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| ک | ل | م | ن | س | ع | ف | ص | ق | ر |
| 20 | 30 | 40 | 50 | 60 | 70 | 80 | 90 | 100 | 200 |
| ش | ت | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ | | |
| 300 | 400 | 500 | 600 | 700 | 800 | 900 | 1000 | | |

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## روزی اور کاروبار میں برکت، قرض کی ادائیگی، مقصد میں کامیابی کے لیے قرآن، حدیث اور بزرگوں سے منقول چند مجرب اعمال (از: مرتب)

(۱) زیادہ سے زیادہ استغفار کرنا؛ یعنی اپنے گناہوں سے معافی مانگنا۔

قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ۙ﴿۱۰﴾ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۙ﴿۱۱﴾ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ؕ﴿۱۲﴾ (نوح)

ترجمہ: تم اپنے رب سے استغفار کرو، یقین رکھو وہ بہت معاف کرنے والے ہیں (آگے استغفار کے چار فائدے بیان کیے:) (۱) وہ تمھارے اوپر آسمان سے خوب بارش برسائیں گے (۲) اور تمھارے مال اور اولاد میں مدد کریں گے (۳) اور تمھارے لیے باغات پیدا کردیں گے (۴) اور تمھارے لیے نہریں جاری کردیں گے۔

(۲) تقویٰ؛ یعنی اللہ کا خوف، ڈر اور حرام اور گناہوں سے بچنا۔

قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ﴿۲﴾ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ. (الطلاق)

ترجمہ: اور جو کوئی شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے تو وہ (اللہ تعالیٰ) اس کے لیے (مشکلوں سے نکلنے کا) کوئی راستہ بنا ہی دیتے ہیں ﴿۲﴾ اور اس کو ایسی جگہ سے روزی پہنچاتے ہیں جہاں سے اس کو خیال بھی نہیں ہوتا۔

(۳) رات میں سونے سے پہلے سورۂ واقعہ پڑھنا۔

فائدہ: حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیمار ہوئے، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ان کی خبر پوچھنے کے لیے گئے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ کچھ تحفہ، ہدیہ قبول فرمالیجیے؛ تاکہ جب آپ زندہ نہ ہوں تو آپ کی اولاد کو وہ کام آئے۔

اس کے جواب میں حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے امیر المومنین! آپ کو میری پردہ میں رہنے والی بچیوں کی فکر ہے کہ وہ میرے انتقال کے بعد کیا کھائیں گی؟ تو سن لیجیے! مجھے اپنی لڑکیوں کی فقیری اور غریبی کی بالکل فکر نہیں ہے؛ اس لیے کہ میں نے خود حضرت نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ: ''جو کوئی روزانہ رات کو سونے سے پہلے سورۂ واقعہ پڑھ لیا کرے تو ہرگز اسے فقر و فاقہ نہیں آئے گا''؛ اس لیے مجھے ہدیہ قبول کرنے سے معاف کر دیجیے۔

حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکیؒ کے ملفوظات میں ہے کہ: جو آدمی پابندی کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھ کر چھ رکعت اوابین کی نماز پڑھے اور ایک مرتبہ سورۂ واقعہ پڑھ لیوے تو ان شاء اللہ! اس کی غریبی دور ہو جائے گی اور اللہ اس کو برکت والی وسیع روزی عطا فرمائیں گے۔

(۴) صلہ رحمی؛ یعنی رشتے داروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔

حدیث میں آتا ہے کہ صلہ رحمی سے عمر اور روزی میں برکت ہوتی ہے۔

اپنے رشتے داروں کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں، جو غریب رشتے دار ہیں ان کو زکات، صدقہ، خیرات کے ذریعہ مدد کریں، جو مال دار رشتے دار ہیں ان کو بھی کبھی کبھی ہدیہ دینا چاہیے، تمام رشتے داروں سے کبھی کبھی ملاقات کر لینا، بیمار ہوں تو ان کی خبر لے

لینا یہ سب صلہ رحمی کے کام ہیں۔

(۵) شریعت کے احکام پر عمل کرنا؛ یعنی اللہ تعالیٰ نے جن کاموں کا حکم دیا ہے ان کو کرنا اور جن سے منع کیا ہے اس سے بچنا:

وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ. (المائدۃ:۶۶)

ترجمہ: اور اگر وہ (اہلِ کتاب) تورات اور انجیل اور جو (قرآن) ان پر ان کے رب کی طرف سے اتارا گیا اس پر (عمل کرنے کی) پوری پابندی کرتے تو وہ اپنے اوپر سے اور اپنے قدموں کے نیچے سے (یعنی ہر طرف سے) ضرور کھاتے۔

یعنی شریعت کے تمام احکام پر عمل کرنے سے اللہ تعالیٰ بہت زیادہ روزی عطا فرمائیں گے۔

(۶) اللہ کے راستے میں خرچ کرنا:

يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ. (البقرۃ:۲۷۶)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ سود کو مٹاتے ہیں اور صدقات کو بڑھاتے ہیں۔

یعنی صدقہ سے مال میں برکت ہوتی ہے۔

(۷) لوگوں کو کھانا کھلانا، مہمان نوازی کرنا، اس سے بھی روزی میں خوب برکت ہوتی ہے۔

(۸) صبح دکان کھولنے اور آفس پر اور کام پر جانے سے پہلے نماز پڑھنا، اس میں فجر کی، اشراق کی اور چاشت کی نماز بھی داخل ہے۔ (علامہ جلال الدین رومیؒ)

(۹) ملازمت اور نوکری پر جانے سے پہلے تین مرتبہ سورۂ مزمل پڑھنا۔

(۱۰) ساتھ مل کر کھانا کھانا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اِجْتَمِعُوْا عَلٰی طَعَامِكُمْ يُبَارِكْ لَكُمْ فِيْه .

(ابوداؤد وابن ماجہ)

یعنی ساتھ مل کر کھانا کھانے سے روزی میں برکت ہوتی ہے۔

(۱۱) فجر کی نماز بعد گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ: يَامُغْنِيْ ! اور عشا کی نماز کے بعد گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ: یا باسط ! اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

(از: تذکرۃ الرشید، حضرت گنگوہیؒ نے حضرت تھانویؒ اور حضرت مولانا اسماعیل گنگوہیؒ کو یہ عمل بتلایا تھا)

(۱۲) روزانہ ایک وقت طے کر کے قبلے کی طرف منہ کر کے پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ درود شریف پڑھ دعا کرنا۔ (از: محبت نامہ، حضرت شیخ زکریاؒ نے ایک خط میں اپنے مرید کو یہ عمل بتلایا تھا)

(۱۳) صبح وشام زیادہ سے زیادہ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ. پڑھنا۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو آدمی رات دن میں زیادہ سے زیادہ یہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ فقیری، بھول جانے کی بیماری اور قبر کی گھبراہٹ سے اس کو بچا کر رکھیں گے اور مال ودولت کا دروازہ کھول دیں گے۔ (مدارج النبوۃ)

(۱۴) دسترخوان پر گرا ہوا لقمہ اٹھا کر کھالینا۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ: جو کوئی دسترخوان پر گرا ہوا کھالے تو اللہ تعالیٰ اس کی روزی کو وسیع فرمائیں گے اور اس کی اولاد تندرست ہوگی۔

(۱۵) جب گھر میں داخل ہو تو پہلے سلام کرنا، پھر یہ درود شریف پڑھنا: اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ﷺ، پھر ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنا۔

ایک صحابی کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غریبی دور کرنے کا یہ عمل بتلایا، ان صحابی نے اس پر عمل کیا تو فرمایا کہ: مجھے ایسا لگا کہ میرے گھر میں روزی کی بارش ہو رہی ہو۔

سورۂ اخلاص کے ساتھ سورۂ فاتحہ بھی پڑھ لیں۔

(١٦) کھانے کے بعد کی دعا پڑھ کر ایک مرتبہ سورۂ قریش (لایلاف قریش) اور سورۂ اخلاص پڑھنا۔

(١٧) جمعہ کے دن جمعہ کی نماز کے بعد کسی سے بات چیت کیے بغیر ایک مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم اور ستر (٧٠) مرتبہ یہ پڑھنا: اَلْمُعْطِيْ هُوَ اللّٰهُ ۔ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور دعا کریں، اکتالیس جمعہ تک پابندی سے عمل کریں۔ (از آئینۂ عملیات، صوفی عزیز الرحمن پانی پتیؒ کے حوالے سے)

(١٨) روزانہ عشا کی نماز کے بعد پابندی سے گیارہ سو (١١٠٠) مرتبہ: یَا بَاسِطُ! اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا، قرض بھی ادا ہو جائے گا اور روزی میں برکت بھی ملے گی۔ (از: تذکرۃ الرشید)

(١٩) فجر کی سنت اور فرض کے درمیان روزانہ پابندی کے ساتھ اکتالیس (٤١) مرتبہ سورۂ فاتحہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ساتھ پڑھنا۔ (از حاجی امداد اللہؒ)

(٢٠) ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھنا اور صبح اور شام کو اپنے گھر میں سنت طریقے پر داخل ہوتے وقت اور رات کو سوتے وقت ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنا۔ (از: اعمالِ قرآنی)

(٢١) روزانہ پابندی کے ساتھ ایک وقت طے کر کے وضو کے ساتھ قبلہ کی طرف منہ کر کے ستر (٧٠) مرتبہ یہ آیت: اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ

وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿١٩﴾ (الشوریٰ) پڑھنا، اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور دعا کریں، روزی میں برکت بھی ہوگی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ (یہ عمل شاہ عبد الغنی پھولپوریؒ نے حاجی امدادؒ سے نقل کیا ہے)

(۲۲) یہ درود شریف کثرت سے پڑھنا: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَعَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ. (از: حصنِ حصین عن ابی سعید الخدریؓ)

(۲۳) اول وآخر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر صبح صادق سے لے کر فجر کی نماز تک روزانہ سو (۱۰۰) مرتبہ: سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ، اَسْتَغْفِرُ اللهَ. پڑھنا۔

اس کو صلوۃ الملائکہ (یعنی فرشتوں کی دعا اور تسبیح) کہتے ہیں، ایک پریشان حال صحابی کو آپ ﷺ نے یہ تسبیح بتلائی تھی، ان صحابی نے چند دن عمل کرنے کے بعد آپ ﷺ کو بتلایا کہ: اتنی روزی آئی کہ گھر میں رکھنے کی جگہ بھی نہیں ہے۔ (از: مدارج النبوۃ وتنبیہ الغافلین عن عبد اللہ ابن عمرؓ)

(۲۴) اول وآخر تین تین مرتبہ درود شرف پڑھ کر یہ دعا صبح وشام پڑھ کر دعا کرنا:

يَا لَطِيْفًا بِخَلْقِهٖ، يا عليمًا بِخَلْقِهٖ، يا حكيماً بِخَلْقِهٖ، يا خبيرًا بِخَلْقِهٖ! اُلْطُفْ بِيْ اُلْطُفْ بِيْ اُلْطُفْ بِيْ يَا لطيفُ! يا عليمُ! يا حكيمُ! يا خبيرُ!.

اس سے ہر قسم کی مصیبت، تکلیف ختم اور روزی میں زبردست برکت ہوگی ان شاء اللہ! ۔ کراماتِ اولیاء میں عبد الرحمن یافعی یمنیؒ نے حضرت خضرؑ کے حوالے سے یہ دعا نقل کی ہے۔

(۲۵) دو رکعت صلوۃ الحاجۃ پڑھ کر عاجزی کے ساتھ ان کلمات کے ذریعے اللہ

سے دعا مانگنا: يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ ، يَامُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ، يَا سَامِعَ الْاَصْوَاتِ يَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ يَا دَافِعَ الْبَلِيَّاتِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ ! اِكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ .

امام عاصم کوفیؒ فرماتے ہیں کہ: ایک مرتبہ میرے پر بہت سخت حالات آئے ، دوستوں نے بھی منہ پھرالیا، ایک رات مجبور ہوکر جنگل میں گیا اور دو رکعت صلوۃ الحاجۃ پڑھی، اس کے بعد عاجزی کے ساتھ رو رو کر ان پاک کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی۔ فرمایا کہ: میرے سامنے غیب سے ایک تھیلی آ کر گری، اس میں اسی (۸۰) سونے کی اشرفیاں تھیں اور ایک لال رنگ کا قیمتی موتی نکلا۔

(از بستانِ عائشہ صدیقہ، صوفی عابد نقشبندی)

(۲۶) سفر میں نکلیں تو:

(۱) قل يا أيها الكافرون.

(۲) إذا جاء نصر الله.

(۳) قل هو الله أحد.

(۴) قل أعوذ برب الفلق.

(۵) قل أعوذ برب الناس.

ان پانچ سورتوں کو چھ مرتبہ بسم اللہ کے ساتھ پڑھنا، ہر سورت کے شروع میں بسم اللہ اور سورۂ ناس ختم کرنے کے بعد ایک مرتبہ بسم اللہ پڑھنا۔

دوسری ترتیب: بعض بزرگوں نے اس طرح ترتیب بتلائی ہے: ان پانچ سورتوں

کو دس مرتبہ بسم اللہ کے ساتھ پڑھنا: پہلے ایک مرتبہ بسم اللہ اور قل یا ایھا الکافرون، پھر دو مرتبہ بسم اللہ اور اذا جاء پھر دو مرتبہ بسم اللہ اور قل ھو اللہ پھر دو مرتبہ بسم اللہ اور قل اعوذ برب الفلق پھر دو مرتبہ بسم اللہ اور قل اعوذ برب الناس اور پھر آخر میں ایک مرتبہ بسم اللہ پڑھنا۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کو یہ عمل بتلایا تھا، حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: جب سے میں نے یہ عمل شروع کیا تو سفر میں سب ساتھیوں سے میری حالت اچھی ہوتی تھی۔

(۲۷) سنت پر عمل کی نیت سے کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد دونوں ہاتھوں کو دھونا۔

ہمارے شیخ حضرت مفتی احمد صاحب خانپوری دامت برکاتہم العالیہ حکیم کلیم اللہ صاحب کی بات نقل فرماتے ہیں، وہ حضرت مولانا ابرار ہردوئیؒ کی بات نقل کرتے ہیں کہ: جو کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد سنت کی نیت سے ہاتھ دھوویں تو اللہ تعالیٰ اس کا قرض ادا کروادیں گے۔

## بواسیر کا عمل

بواسیر دو طرح کی ہوتی ہیں: (۱) بادی (۲) خونی۔

بادی بواسیر میں حاجت کے بعد طہارت اس طرح کریں کہ بائیں ہاتھ کی بڑی انگلی بواسیر کے مقام سے رگڑ کھاتی رہے اور طہارت کرتے وقت زبان سے: ''فِعْلُنْ فِعْلُنْ فِعَلْ'' پڑھتے رہیں۔

خونی بواسیر میں ''مَانِيٍ قَمِيْرا'' اسی طرح پڑھیں جو طریقہ اوپر لکھا ہے۔

جب تکلیف ہو تو فوری علاج یہ ہے: ''هو الذي لا اله الا هو'' پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کریں اور انگلی پانی میں ڈال دیں۔

## بواسیر کے لیے چند مجرب عمل

(۱) فجر کی سنت میں ہمیشہ یہ سورت پڑھیں: پہلی رکعت میں والضحیٰ، الم نشرح، الم ترکیف اور دوسری رکعت میں لایلاف قریش، قل یاایھا الکافرون اور قل ھو اللّٰہ۔

(۲) مغرب کے بعد دو رکعت نماز اس طرح پڑھیں: پہلی رکعت میں الم نشرح اور دوسری رکعت میں الم ترکیف اور سلام پھیر کر ۱۰۰ مرتبہ استغفار پڑھیں، ان شاء اللہ! شفا ملے گی۔

(۳) اکتالیس (۴۱) دن تک روزانہ سات سو (۷۰۰) مرتبہ: یامالکُ پڑھیں، بہت نافع ہے۔

(۴) وتر کی نماز میں اس طرح سورت پڑھیں: پہلی رکعت میں قل یاایھا الکافرون، دوسری رکعت میں اذا جاء نصر اللّٰہ اور تیسری رکعت میں تبت یدا ابی لھب۔

# قصدِ طیبہ

از: فقیہ الامت حضرت مفتی محمود حسن گنگوہی نور اللہ مرقدہ

| | |
|---|---|
| بڑھاپا ہے، چلا ہوں سوئے طیبہ | لرزتا لڑکھڑاتا، سر جھکائے |
| گناہوں کا ہے سر پر بوجھ بھاری | پریشاں ہوں اسے اب کون اٹھائے |
| کبھی آیا جو آنکھوں میں اندھیرا | تو چکرا کر قدم بھی ڈگمگائے |
| کبھی لاٹھی کبھی دیوار پکڑی | کبھی پھر بھی قدم جمنے نہ پائے |
| نہ بیٹا ہے نہ پوتا ہے نہ بھائی | کوئی گھر کا نہیں جو ساتھ جائے |
| نہیں کچھ آرزو اب واپسی کی | وہیں رکھے خدا واپس نہ لائے |
| مگر چلتا رہوں گا دھیرے دھیرے | دیا والا میری نیا لکھائے |
| وہاں جاکر کہوں گا گڑگڑا کر | سلام اس پر جو گرتوں کو اٹھائے |
| سلام اس پر جو سوتوں کو جگائے | سلام اس پر جو روتوں کو ہنسائے |
| سلام اس پر جو اجڑوں کو بسائے | سلام اس پر جو بچھڑوں کو ملائے |
| سلام اس پر جو بھوکوں کو کھلائے | سلام اس پر جو پیاسوں کو پلائے |

## حمد

| | |
|---|---|
| قرآں کے سپاروں میں | احساں کے اشاروں میں |
| بطحا کے نرالوں میں | طیبہ کے اجالوں میں |
| میں نے تمھیں دیکھا ہے | میں نے تمھیں دیکھا ہے |
| صدیق کی شفقت میں | فاروق کی سطوت میں |
| عثمان کی عفت میں | کرّار کی ہیبت میں |
| میں نے تمھیں دیکھا ہے | میں نے تمھیں دیکھا ہے |
| خورشید کے تاروں میں | راتوں کے ستاروں میں |
| پودوں کی قطاروں میں | کوئل کی پکاروں میں |
| میں نے تمھیں دیکھا ہے | میں نے تمھیں دیکھا ہے |
| خالد کی شجاعت میں | حاتم کی سخاوت میں |
| یونس کے سفینے میں | طائف میں مدینے میں |
| میں نے تمھیں دیکھا ہے | میں نے تمھیں دیکھا ہے |
| روزوں میں نمازوں میں | عیدوں میں جنازوں میں |
| ریلوں میں جہازوں میں | نازوں میں نیازوں میں |
| میں نے تمھیں دیکھا ہے | میں نے تمھیں دیکھا ہے |